

AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE

جھوٹ کیخلاف A.B.C CERTIFIED سچ کی طاقت

DAILY MASAFAT LAHORE

روزنامہ مسافت لاہور

بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)

ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید

چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء

ایڈیٹر حیدر علی بھٹی

قیمت 10 روپے

جلد نمبر 24 ہفتہ یکم رجب المرجب 1445ھ 13 جنوری 2024ء 30 پوہ 2079 ب شمارہ نمبر 219

این اے ایس ٹی پی منصوبہ آئندہ نسلوں کیلئے بے پناہ فوائد کا باعث بنے گا، آرمی چیف

یہ منصوبہ ایرو سپیس، سائبر اور آئی ٹی کے حوالے سے بہترین منصوبہ ہے، قومی سطح پر ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی کے حصول کیلئے درست سمت میں قدم ہے، جنرل عاصم منیر

منصوبے سے ملک کو متعدد فوائد حاصل ہوں گے کیونکہ یہ تکنیکی ترقی اور قوم کے لئے ایک پلیٹ فارم پیش کر کے خود انحصاری کو فروغ دے گا، افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی (بیورو رپورٹ) آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہاہے کہ نیشنل ایرو سپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کا منصوبہ نوجوانوں اور آئندہ نسلوں کیلئے بے پناہ فوائد کا باعث بنے گا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق چیف آف آرمی سٹاف سید عاصم منیر نے نیشنل ایرو سپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک سلیکون کے دوسرے باب کی افتتاحی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ سربراہ پاک فضائیہ نے منصوبے کے وژن پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ ایرو سپیس، سائبر اور آئی ٹی کے حوالے سے بہترین منصوبہ ہے، قومی سطح پر ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی کے حصول کیلئے درست سمت میں قدم ہے، یہ منصوبہ سماجی، اقتصادی، سکیورٹی اور سائنس کے شعبوں میں مشترکہ وژن ثابت ہوگا۔ آرمی چیف نے ایرو سپیس سائنس کیشعبے میں پاک فضائیہ کی (بقیہ نمبر 1)

وزیراعلیٰ پنجاب کا پی آئی سی کی نئی ایمرجنسی کا دورہ

صفائی کے ناقص انتظامات اور ٹائلز و کاؤنٹرز پر مٹی، داغ و دھبے دیکھ کر ناراضگی کا اظہار

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے پی آئی سی کی نئی ایمرجنسی کا دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے نئی ایمرجنسی میں صفائی کے ناقص انتظامات اور ٹائلز و کاؤنٹرز پر مٹی، داغ و دھبے دیکھ کر ناراضگی کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے کنٹریکٹر، محکمہ تعمیرات و مواصلات کے حکام اور ایم ایس کو فوری طلب کر لیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے صفائی کے ناقص انتظامات اور ٹائلز پر مٹی کے نشانات دکھائے اور (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے پاکستان میں اٹلی کے سفیر اینڈریاس فیریریز الوداعی ملاقات کر رہے ہیں

الیکشن کمیشن آئینی ادارہ ہے

مداخلت نہیں کر سکتے، سپریم کورٹ

انٹرا پارٹی انتخابات درست نہ ہوئے تو پی ٹی آئی کو نتائج کا سامنا کرنا ہوگا، بنیادی چیز جمہوریت ہے، ملک اور سیاسی جماعتوں میں بھی جمہوریت ہونی چاہیے، عدالت عظمیٰ

پیر تک سماعت ملتوی کرنے کے لیے ہائی کورٹ کا حکم معطل کرنا پڑے گا، ہم تو ہفتے اور اتوار کو بھی سماعت کیلئے تیار ہیں، کسی آئینی ادارے کا کام خود نہیں کریں گے، چیف جسٹس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے پاکستان تحریک انصاف کے انتخابی نشان بلے سے متعلق مقدمے کی سماعت کے موقع پر ریمارکس دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر انٹرا پارٹی انتخابات درست نہ ہوئے تو پی ٹی آئی کو نتائج کا سامنا کرنا پڑیگا، بنیادی چیز جمہوریت ہے، ملک اور سیاسی (بقیہ نمبر 6)

ڈیزل اب صرف پاکستان سٹیٹ آئل ہی درآمد کرسکے گا، وفاقی حکومت

اوگرا تیل کمپنیوں کے اتفاق رائے سے ایک وسیع البنیاد فریم ورک تیار کرے، خط

لاہور (این این آئی) حکومت نے ڈیزل کی درآمد کے حوالے سے بڑا فیصلہ کیا ہے جس کے مطابق ڈیزل اب صرف پاکستان سٹیٹ آئل ہی درآمد کرسکے گا۔ نجی ٹی وی کے مطابق وزارت توانائی نے اوگرا کو ڈیزل درآمد کے معاملے پر متفقہ فریم ورک تیار کرنے کی ہدایت کردی۔ اس سلسلہ میں (بقیہ نمبر 7)

شہباز شریف کراچی کے حلقہ این اے 242 پر انتخابات سے دستبردار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر، سابق وزیراعظم شہباز شریف کراچی کے حلقہ این اے (بقیہ نمبر 8)

لاہور: وزیراعلیٰ محسن نقوی پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے دورے کے دوران ایمرجنسی میں لگی ٹائلز پر داغ دھبوں اور مٹی کے نشانات دکھا رہے ہیں

انٹرا پارٹی انتخابات نہ کروانے پر 13 جماعتوں کی رجسٹریشن منسوخ

جن جماعتوں کی رجسٹریشن منسوخ ہوئی ان میں جمعیت علمائے اسلام پاکستان، آل پاکستان منارٹی الائنس، آل پاکستان تحریک شامل

عوامی پارٹی پاکستان ایس، بہاولپور نیشنل عوامی پارٹی، سب کا پاکستان، پاکستان امن کونسل پارٹی، پاکستان نیشنل مسلم لیگ و دیگر شامل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے انٹرا پارٹی الیکشن نا کروانے والی 13 جماعتوں کی رجسٹریشن منسوخ کردی۔ 13 سیاسی جماعتوں کے انٹرا پارٹی الیکشن نہ کرانے کے کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے الیکشن کمیشن نے ان جماعتوں کی رجسٹریشن منسوخ کردی۔ جن جماعتوں (بقیہ نمبر 3)

70 کروڑ ڈالر قسط کی منظوری، اسٹاک ایکسچینج میں 733 پوائنٹس اضافے سے 65 ہزار کی حد بحال

اسلام آباد (این این آئی) عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کے ایگزیکٹو بورڈ کی جانب سے 70 کروڑ ڈالر کی دوسری قسط جاری کرنے (بقیہ نمبر 4)

استحکام پاکستان پارٹی کے رہنما فرخ حبیب عام انتخابات 2024 سے دستبردار

سیٹ ایڈجسٹمنٹ نہ ہونے کے باعث فرخ حبیب نے تمام حلقوں سے کاغذات واپس لے لیے

فیصل آباد (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کے رہنما فرخ حبیب عام انتخابات 2024 سے دستبردار ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق سیٹ ایڈجسٹمنٹ نہ ہونے کے باعث فرخ حبیب نے تمام حلقوں سے کاغذات واپس لے لیے۔ فرخ حبیب نے این اے 101، این (بقیہ نمبر 5)

وزیراعلیٰ کا میو ہسپتال کا دورہ، ایمرجنسی بلاک میں تعمیراتی کاموں کا جائزہ

محسن نقوی نے تعمیراتی سرگرمیوں کا معائنہ کیا اور ایمرجنسی بلاک کے فنشنگ کے کاموں کو اعلیٰ معیار کے ساتھ جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے کی ہدایت کی

تمام ضروری کام جلد از جلد مکمل کئے جائیں اور معیار کو برقرار رکھا جائے، وزیراعلیٰ نے بیسمنٹ، گراؤنڈ فلور اور دیگر فلورز پر جاری تعمیراتی کاموں کا مشاہدہ کیا

لاہور (سپیشل رپورٹر) میو ہسپتال کے ایمرجنسی بلاک کی اپ گریڈیشن کا کام آخری مراحل میں داخل ہو گیا۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے میو ہسپتال ایمرجنسی بلاک کا دورہ کیا اور فنشنگ کے کاموں کا جائزہ لیا۔ محسن نقوی نے تعمیراتی سرگرمیوں کا معائنہ کیا اور ایمرجنسی بلاک کے فنشنگ کے کاموں کو اعلیٰ معیار کے ساتھ جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے کی ہدایت کی۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ تمام ضروری کام جلد از جلد مکمل کئے جائیں اور معیار کو برقرار رکھا جائے، وزیراعلیٰ نے بیسمنٹ، گراؤنڈ فلور اور دیگر فلورز پر جاری تعمیراتی کاموں کا مشاہدہ کیا اور مریضوں و تیمارداروں کی سہولت کیلئے مناسب سائز کے سائن بورڈز لگانے کی ہدایت کی۔ سیکرٹری تعمیرات و مواصلات نے اپ گریڈیشن پراجیکٹ پر پیشرفت کے بارے میں وزیراعلیٰ کو بریفنگ دی، پرنسپل کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی ڈاکٹر محمود ایاز بھی اس موقع پر موجود تھے۔

سکیورٹی خدشات، انتخابات 3 ماہ کیلئے ملتوی کرنے کی قرارداد سینیٹ میں جمع

آزاد پارلیمانی گروپ کے سینیٹر ہدایت اللہ نے قرارداد جمع کرائی، قرارداد میں ملک بھر میں حالیہ دہشت گردی اور پرتشدد حملوں کا بھی ذکر کیا گیا

کے پی کے اور وزیرستان میں امیدواروں پر حملے ہوئے جو الیکشن مہم کے دوران قابل تشویش ہیں، عوام کے جان و مال کی حفاظت ریاست کی ذمہ داری ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سکیورٹی چیلنجز کے پیش نظر عام انتخابات تین ماہ کے لئے ملتوی کرنے کی ایک اور قرارداد سینیٹ میں جمع کرا دی گئی۔ آزاد پارلیمانی گروپ کے سینیٹر ہدایت اللہ نے قرارداد جمع کرائی، قرارداد میں ملک بھر میں حالیہ دہشت گردی اور پرتشدد حملوں کا بھی ذکر کیا گیا۔ قرارداد کے متن میں کہا گیا کہ کے پی کے اور وزیرستان میں امیدواروں پر حملے ہوئے جو الیکشن مہم کے دوران قابل تشویش ہیں، عوام کے جان و مال کی حفاظت ریاست کی ذمہ داری ہے۔ متن میں بتایا گیا کہ سینیٹ الیکشن کمیشن پر زور دیتا ہے کہ وہ انتخابات کے پرامن انعقاد پر ہمدردانہ غور کریں اور درپیش سکیورٹی مسائل کی وجہ سے الیکشن کے انعقاد کو 3 ماہ تک کیلئے مؤخر کردے، قرارداد میں مزید کہا گیا کہ ہر جماعت کو انتخابات میں حصہ لینے کیلئے لیول پلیئنگ فیلڈ ملنی چاہیے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل 5 جنوری کو سینیٹ نے ملک میں 8 فروری (بقیہ نمبر 9)

ہری پور: امیر جماعت اسلامی سراج الحق ہری پور میں ورکرز کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

کابل: چیئرمین جے یو آئی مولانا فضل الرحمٰن افغانی وزیر ملاقات کر رہے ہیں

مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے ٹکٹوں کی تقسیم کے بعد عوامی رنگ اپنانے کی تیاری کر لی

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے آئندہ عام انتخابات (بقیہ نمبر 10)

پی ٹی آئی کارکن صنم جاوید کے جوڈیشل ریمانڈ میں توسیع

لاہور (این این آئی) لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے زمان پارک کے باہر پولیس آپریشن کے دوران تشدد کے مقدمے (بقیہ نمبر 11)

شفقت محمود کا عام انتخابات سے دستبردار ہونے کا اعلان

سابق وفاقی وزیر نے لاہور سے قومی، صوبائی اسمبلی کے حلقوں سے کاغذات جمع کرائے تھے

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر شفقت محمود نے عام انتخابات سے دستبردار ہونے کا اعلان کر دیا۔ شفقت محمود نے لاہور کے ایک قومی اور ایک صوبائی اسمبلی کے حلقہ سے کاغذات نامزدگی جمع کرائے تھے جو کہ منظور بھی کر لئے گئے تھے۔ سابق وفاقی وزیر نے اپنے کاغذات (بقیہ نمبر 12)

الیکشن شفاف نہ ہوئے تو انتخابات کو کوئی نہیں مانے گا، بیرسٹر گوہر

جمہوریت کا تقاضہ ہے ہر سیاسی جماعت کا انتخابی نشان ہو، سابق چیئرمین

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سابق چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ الیکشن شفاف نہ ہوئے تو ان کو کوئی نہیں مانے گا۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 13)

استعفوں سے سپریم کورٹ میں کوئی بحران پیدا نہیں ہوگا، خواجہ آصف

ہم یوٹیلیٹی بل تک خود دیتے ہیں ججز کو سب کچھ فری ہے، آج تک غلط فیصلہ دینے پر کسی جج نے استعفیٰ نہیں دیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و سابق وفاقی وزیر خواجہ آصف نے کہا ہے کہ استعفوں سے سپریم کورٹ میں کوئی بحران پیدا نہیں ہوگا اور سنا ہے ایک اور جج (بقیہ نمبر 14)

پاکستان میں ہماری حکومت ہوتی تو اسرائیل ایک گولی بھی نہیں چلا سکتا تھا، سراج الحق

فلسطین کے حالات سب کے سامنے ہیں، بچے زندہ جل رہے ہیں، مسجد اقصیٰ ہم کو پکار رہی ہے لیکن اسلام آباد والوں نے ڈر کا کفن اوڑھ رکھا ہے

پی ڈی ایم نے مجھے کہا تھا کہ ہمارا ساتھ دیں مگر ہماری جماعت نظریاتی جماعت ہے، ملک میں اسلامی نظام چاہتے ہیں، اب تک اکیلا کھڑا ہوں

ہری پور (بیورو چیف) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا کہ اگر پاکستان میں ہماری حکومت ہوتی تو اسرائیل ایک گولی بھی نہیں چلا سکتا تھا۔ ہری پور میں خطاب کرتے ہوئے سراج الحق کا کہنا تھا کہ فلسطین کے حالات سب کے سامنے ہیں، بچے زندہ جل رہے ہیں، مسجد اقصیٰ ہم کو پکار رہی ہے لیکن اسلام آباد والوں نے ڈر کا کفن اوڑھ رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام پارٹیوں کے سربراہان خاموش ہیں، امریکی خوف کی وجہ سے ایک جلسہ نہیں کیا، ہم نے (بقیہ نمبر 20)

فضل الرحمٰن کی افغان نائب وزیراعظم، وزیر داخلہ اور وزیر دفاع سے ملاقاتیں

ہمارے دورے کا بنیادی مقصد دونوں ممالک کے درمیان داخلی و خارجی استحکام لانا ہے، مولانا فضل الرحمان

افغان مہاجرین کے ساتھ پاکستان کا ناروا سلوک ختم ہونا چاہیے، افغان وزیر مہاجرین خلیل الرحمان حقانی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مولانا فضل الرحمٰن نے آج کابل میں افغانستان کے نائب وزیراعظم، وزیر داخلہ اور وزیر دفاع سے ملاقاتیں کیں اور پاک افغان تعلقات پر بات چیت کی۔ ذرائع کے مطابق جے یو آئی (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے اپنے دورے کے دوران امارت اسلامی افغانستان کے وزیر داخلہ خلیفہ سراج الدین حقانی سے ملاقات کی ہے، اس موقع پر افغان وزیر مہاجرین حاجی خلیل الرحمٰن سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ افغان وزیر داخلہ (بقیہ نمبر 27)

تحریک انصاف پر اس وقت مافیا کا قبضہ ہے، اکبر ایس بابر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی رکن اکبر ایس بابر (بقیہ نمبر 28)

پشاور، پی ٹی آئی نے قومی اور صوبائی نشستوں کیلئے امیدواروں کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی قیادت نے پشاور میں (بقیہ نمبر 30)

پہلا ٹی 20، نیوزی لینڈ نے پاکستان کو شکست دیدی

نیوزی لینڈ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے پاکستان کو جیت کیلئے 227 رنز کا ہدف دیا

آکلینڈ (این این آئی) نیوزی لینڈ نے پہلے ٹی 20 میچ میں پاکستان کو 46 رنز سے شکست دے دی، نیوزی لینڈ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے پاکستان کو جیت کیلئے 227 رنز کا ہدف دیا (بقیہ نمبر 29)

کراچی: گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

پاکستان میں سرمایہ کاری کے بے پناہ مواقع موجود ہیں، صدر

ڈاکٹر عارف علوی کی جرمنی کے فوڈ ہول سیلر گروپ کے وفد سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے پاکستان کو غیر ملکی سرمایہ کاری اور کاروبار کیلئے پرکشش ملک قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کے بے (بقیہ نمبر 15)

شہباز شریف، حمزہ کے خلاف رمضان شوگر ملز ریفرنس پر سماعت 14 فروری تک ملتوی

لاہور (این این آئی) احتساب عدالت نے رمضان شوگر ملز ریفرنس پر مزید سما (بقیہ نمبر 21)

2075 میں دنیا کی سب سے بڑی معیشت چین کی ہوگی، امریکی فرم گولڈ مین سیکس

اسلام آباد (این این آئی) دنیا کے مختلف ممالک کی معیشت کے حوالے سے تجزیے پیش کرنے والی امریکی فرم گولڈ مین سیکس نے (بقیہ نمبر 23)

وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی سے پاکستان میں کروشیا کے سفیر کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی سے پاکستان میں کروشیا کے سفیر ڈاکٹر ڈریگو اسٹمبوک نے جمعہ کو یہاں ملاقات کی (بقیہ نمبر 24)

این سی جی سی ایل کے ذریعے پاکستان میں معاشی نمو، روزگار کے مواقع اور مثبت ترقیاتی اثرات مرتب ہوں گے، وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل کریڈٹ گارنٹی کمپنی لمیٹڈ پاکستان میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں (SMEs) کی فنانس تک رسائی کو بہتر بنانے کیلئے مارکیٹ کی پہلی (بقیہ نمبر 26)

سیٹ ایڈجسٹمنٹ، (ن) لیگ نے آئی پی پی کیلئے لاہور میں تین حلقے خالی چھوڑ دیئے

قومی اور صوبائی اسمبلی کے دو حلقوں سے علیم خان، ایک قومی حلقے سے عون چوہدری امیدوار ہیں

لاہور (این این آئی) سیٹ ایڈجسٹمنٹ کے معاہدے کے تحت مسلم لیگ (ن) نے لاہور میں استحکام پاکستان پارٹی کے لئے تین حلقے خالی چھوڑ دیئے۔ مسلم لیگ (ن) کی جانب سے قومی اسمبلی کے دو حلقے این اے 117 اور 128 کو خالی چھوڑا گیا، 117 سے آئی پی پی کے صدر (بقیہ نمبر 22)

لاہور: گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

آئندہ ہفتے سردی کی شدت میں مزید اضافے کا الرٹ جاری

لاہور میں درجہ حرارت 2 ڈگری سینٹی گریڈ سے بھی نیچے گرنے کا امکان

لاہور (این این آئی) محکمہ موسمیات نے آئندہ ہفتے کے دوران سردی کی شدت میں اضافے کا الرٹ جاری کر دیا۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ لاہور سمیت پنجاب کے میدانی علاقے سردی کے ساتھ شدید دھند کی لپیٹ میں رہیں گے، لاہور میں کم سے کم درجہ حرارت (بقیہ نمبر 25)

لاہور: پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو خرم نواز گنڈاپور منہاج القرآن سیکرٹریٹ کا دورہ کروا رہے ہیں

ایف بی آر نے مصنوعات کی فروخت کیلئے ڈیجیٹل رسیدیں لازمی قرار دینے کا فیصلہ کر لیا

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے مصنوعات کی فروخت کے (بقیہ نمبر 31)

سانحہ ماڈل ٹاؤن کی غیر جانبدارانہ تحقیقات، ذمہ داران کو سزا ملنی چاہیے

(ن) کو حکومت ملی تو ایجنڈا سیاسی مخالفین کو بند رکھنا ہوگا' بلاول بھٹو

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا (بقیہ نمبر 16)

پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری

پشاور، سی ٹی ڈی کی کارروائی، داعش کے 2 دہشت گرد گرفتار

پشاور (این این آئی) محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) پشاور نے کارروائی کرتے ہوئے داعش کے 2 دہشت گرد (بقیہ نمبر 17)

مسلم لیگ (ن) کیساتھ سیٹ ایڈجسٹمنٹ نہیں کریں گے' چوہدری شجاعت

(ن) لیگ نے ہمارے مطلوبہ حلقوں میں اپنے امیدوار کھڑے کر دیئے' سالک حسین

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ق) نے عام انتخابات کے لئے مسلم لیگ (ن) کے ساتھ سیٹ ایڈجسٹمنٹ نہ کرنے کا اعلان کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ (ق) لیگ نے ہمیشہ (بقیہ نمبر 18)

فوزیہ جنجوعہ نیوجرسی کے شہر ماونٹ لوریل کی پہلی پاکستانی امریکن میئر منتخب

پاکستانی نژاد فوزیہ نے شوہر اور 4 بچوں کی موجودگی میں قرآن کریم پر حلف لے لیا

ماؤنٹ لوریل (این این آئی) امریکی ریاست نیوجرسی کے شہر ماونٹ لوریل میں فوزیہ جنجوعہ پہلی پاکستانی امریکن میئر منتخب ہوگئیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق پہلی پاکستانی (بقیہ نمبر 19)

حکومت کا ریٹائرڈ ججز کیخلاف کارروائی نہ ہونے کا قانون چیلنج کرنے کا فیصلہ

استعفیٰ کے اب قانوناً اب حکومت جسٹس مظاہر کے خلاف کارروائی نہیں کرسکتی جس پر حکومت نے سپریم کورٹ کے اس قانون کو چیلنج کرنے کا فیصلہ کرلیا

وفاقی حکومت نے عافیہ شہر بانو کیس میں اپیل دائر کرنے کا فیصلہ کرلیا اور ریٹائرڈ ججز کیخلاف کارروائی نہ کرنے کے فیصلے کے خلاف اپیل دائر کی جائیگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جسٹس مظاہر نقوی کے وکیل نے سپریم جوڈیشل کونسل میں کہا ہے کہ استعفیٰ کے اب قانوناً اب حکومت جسٹس مظاہر کے خلاف کارروائی نہیں کرسکتی جس پر حکومت نے سپریم کورٹ کے اس قانون کو چیلنج کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق سپریم جوڈیشل کونسل کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں سپریم کورٹ کے جج جسٹس مظاہر نقوی کے خلاف شکایات کا معاملہ زیر بحث آیا۔ اجلاس سپریم جوڈیشل کونسل کے سربراہ جسٹس قاضی (بقیہ نمبر 32)

لاہور: چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان مولانا سید عبدالخبیر آزاد ماہ رجب المرجب ھ کے چاند کا اعلان کر رہے ہیں

اسلام آباد: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے بین الاقوامی فوڈ ہول سیلر، میٹرو گروپ کے جرمن وفد سی ای او ڈاکٹر سٹیفن گریوبل کی قیادت میں ملاقات کر رہا ہے

روزنامہ
DAILY MASAFAT LAHORE
مسافت
لاہور
بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر
مسز راحت آراء
ایڈیٹر
حیدر علی بھٹی

مہنگائی کی شرح میں اضافہ

نئے سال 2024 کے دوسرے ہفتے کے دوران ملک میں مہنگائی کی شرح میں اضافے کی رفتار تیز ہوگئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق نئے سال کے دوسرے ہفتے کے دوران ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں 1.36 فیصد اضافہ ہوا جبکہ سالانہ بنیاد پر مہنگائی کی شرح بھی 44.2 فیصد کی ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی ہے۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے مہنگائی کی ہفتہ وار رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ایک ہفتے کے دوران 21 اشیا کی قیمتوں میں اضافہ جبکہ 8 کی قیمتوں میں کمی ہوئی اور 22 اشیائے ضروریہ کی قیمتیں مستحکم رہی ہیں۔ اعداد وشمار میں بتایا گیا ہے کہ حالیہ ایک ہفتے کے دوران ٹماٹر، چکن، انڈے، پیاز، ماچس اور دالوں سمیت کئی اشیاء مہنگی ہوئیں، جن میں ٹماٹر کی قیمت میں 15.63 فیصد، چکن کی قیمت میں 6.42 فیصد، انڈوں کی قیمت میں 4.31 فیصد، دال ماش کی قیمت میں 0.83، دال چنا کی قیمت میں 2.11 فیصد، پیاز کی قیمت میں 8.94 فیصد، ایل پی جی کی قیمت میں 2.29 فیصد اور ماچس کی قیمت میں 2.56 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران آلو کی قیمت میں 5.92 فیصد، دال مونگ قیمت میں 0.06 فیصد، کھانے پکانے کے تیل کی قیمتوں میں 0.17 فیصد جبکہ ویجیٹیبل گھی کی قیمتوں میں 0.29 فیصد، سرسوں کے تیل کی قیمت میں 0.26 فیصد، لہسن کی قیمت میں 0.13 فیصد اور چینی کی قیمتو میں 0.43 فیصد کی واقع ہوئی ہے

فواد خان نے ماہرہ خان کیساتھ دوبارہ کام کیوں نہیں کیا؟ وجہ سامنے آگئی

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستان فلم اور ڈرامہ انڈسٹری کے سپر اسٹار فواد خان نے اپنی ساتھی اداکارہ ماہرہ خان کے ساتھ دوبارہ کام نہ کرنے کی وجہ بتادی۔ حال ہی میں فواد خان نے اداکار و میزبان احمد علی بٹ کے پوڈ کاسٹ میں شرکت کی تھی جہاں انہوں نے پاکستان کی صفِ اول اداکارہ ماہرہ خان کے ساتھ کام کام کرنے اور ان کے ساتھ اپنی دوستی کے بارے میں بات کی۔ فواد خان نے کہا کہ "جب دو فنکار ایک ساتھ زیادہ کام کرتے ہیں تو اس سے اُن کی ڈیمانڈ کم ہوجاتی ہے، اسی طرح اگر میں ماہرہ خان کے ساتھ کام کرنے کے بارے میں بات کروں تو ہم دونوں کے درمیان عزت کا رشتہ قائم ہے اور یہ رشتہ اتنا گہرا ہے کہ اگر اب ہم ایک ساتھ کام کریں گے تو ہمیں زیادہ محتاط رہنا پڑے گا۔

کترینہ اور وجے سیتھوپتی کی نئی فلم کو انڈین سینسر بورڈ نے نمائش کی اجازت دیدی

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ سپر اسٹار کترینہ کیف اور ساؤتھ اسٹار وجے سیتھوپتی کی نئی تھرلر فلم 'میری کرسمس' کو انڈین سینسر بورڈ نے نمائش کی اجازت دے دی۔ بھارتی میڈیا ذرائع کے مطابق فلم کو 'یو اے' کا سرٹیفکیٹ دیا گیا ہے جبکہ فلم کا مکمل دورانیہ دو گھنٹے 24 منٹ اور 24 سیکنڈ ہے۔ شری رام راگھون کی ہدایت کاری میں بننے والی فلم کیلئے رواں برس 8 دسمبر کی تاریخ شیڈول تھی لیکن اب فلم کو تامل اور ہندی دونوں زبانوں میں 12 جنوری کو ریلیز کیا جائے گا فلم کے ٹریلر میں کترینہ اور وجے کی اداکارانہ صلاحیتیں عروج پر نظر آتی ہیں، فلم کی کہانی ایک ایسی جشن کی رات سے شروع ہوتی ہے جو بدقسمتی سے ایک خوفناک موڑ لیتی ہے۔ 'میری کرسمس' کو دو زبانوں ہندی اور تامل میں شوٹ کیا گیا ہے جبکہ مختلف زبانوں کے معاون اداکار بھی مختلف ہیں۔ ہندی فلم میں سنجے کپور، ونے پاٹھک، پراتیما کنا اور تینو آنند نے کردار ادا کیے ہیں۔

خدا کی ذات سے احمد علی اکبر کے ساتھ کام کرنے کی دعا مانگی جو قبول ہوئی، ریشم

ہر کوئی پرتعیش زندگی گزارنا چاہتا ہے لیکن مادی چیزیں آپ کو خوشی نہیں دیتیں، انٹرویو

لاہور (شوبز ڈیسک) نامور اداکارہ ریشم نے کہا ہے کہ میں نے خدا کی ذات سے اداکار احمد علی اکبر کے ساتھ کام کرنے کی دعا مانگی جو قبول ہوئی، فلم "گنجل" میں میری اور احمد علی اکبر کی کیمسٹری بہت اچھی رہی، ہر کوئی پرتعیش زندگی گزارنا چاہتا ہے لیکن میرے خیال میں مادی چیزیں آپ کو خوشی نہیں دیتیں۔ ایک انٹرویو میں ریشم نے کہا کہ میری پاس بے شمار فلموں میں کام کی پیشکش موجود تھی لیکن مجھے اچھے اسکرپٹ کیلئے 14 سے 15 سال طویل انتظار کرنا پڑا۔ جب مجھے شعیب سلطان نے فلم "گنجل" میں کام کرنے کی پیشکش کی تو میں نے پوچھا اسکرپٹ کیا ہے، میرے مدمقابل کون سے اداکار ہیں۔ جب انہوں نے مجھے بتایا کہ احمد علی اکبر نے میرے مدمقابل کام کرنا ہے تو میں نے کہا آپ نے انہیں فائنل کرلیا ہے۔

میں نے کافی بار خودکشی کرنے کا سوچا"، اے آر رحمان

ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارت کے معروف موسیقار اے آر رحمان نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے جوانی میں کئی بار خودکشی کرنے کا سوچا لیکن اُن کی والدہ کی صرف ایک نصیحت نے اُن کی زندگی بدل ڈالی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اے آر رحمان نے ایک تقریب کے دوران طلباء سے گفتگو کرتے ہوئے اپنے کیریئر اور جوانی میں خودکشی کے خیالات سے لڑنے کے بارے میں بات کی۔ اے آر رحمان نے کہا کہ "میں جب نوجوان تھا تو مجھے خودکشی کے خیالات آتے تھے، مجھے اپنی زندگی بیکار لگتی تھی، میں نے کافی بار خودکشی کا بھی سوچا، اسی دوران میری والدہ نے مجھے ایک نصیحت کی جس کی بدولت آج میں ایک کامیاب انسان بنا اور میں نے وہ نصیحت سننے کے بعد کبھی خودکشی کا نہیں سوچا"۔ موسیقار نے اپنی والدہ کی جانب سے کی گئی نصیحت کے بارے میں کہا کہ "میری والدہ نے مجھے کہا تھا کہ جب تم دوسروں کے لیے جینا شروع کروگے، تو تمہیں ایسے منفی خیالات نہیں آئیں گے، یہ سب سے خوبصورت نصیحت تھی جو میری والدہ کی طرف سے مجھے ملی۔

مسلم لیگ ن کو بڑا دھچکا ضلعی جنرل سیکرٹری مسلم لیگ ن و سابق امیدوار صوبائی اسمبلی راجہ محمد اسلم آف سرائے عالمگیر نے مسلم لیگ ن کو خیرآباد کہہ کر مسلم لیگ ق میں شمولیت اختیار کر لی

سرائے عالمگیر (نامہ نگار) مسلم لیگ ن کو بڑا دھچکا ضلعی جنرل سیکرٹری مسلم لیگ ن و سابق امیدوار صوبائی اسمبلی راجہ محمد اسلم آف سرائے عالمگیر نے مسلم لیگ ن کو خیرآباد کہہ کر مسلم لیگ ق میں شمولیت اختیار کر لی پاکستان مسلم لیگ ن کے ضلعی جنرل سیکرٹری راجہ محمد اسلم آف سرائے عالمگیر نے مسلم لیگ ن کو خیرآباد کہتے ہوئے اپنے ڈیرے پر مسلم لیگ ق کے مرکزی رہنما و سابق وفاقی وزیر چوہدری وجاہت حسین کی موجودگی میں مسلم لیگ ق میں شمولیت اختیار کر لی اس موقع پر سابق ممبر قومی اسمبلی تاشفین صفدر، امیدوار حلقہ پی پی 29 سید مدد علی شاہ، سابق مشیر وزیر اعلی پنجاب چوہدری شاہد رضا کوٹلہ، راجہ مسعود سرور سمیت مسلم لیگ ق کے عہدیداران و رہنما موجود تھے اس موقع پر راجہ محمد اسلم نے حلقہ پی پی 27 سرائے عالمگیر سے مسلم لیگ ق کے ٹکٹ پر انتخابات میں حصہ لینے کا اعلان کیا اور چوہدری وجاہت حسین نے پاکستان مسلم لیگ ق کے سربراہ و سابق وزیر اعظم چوہدری شجاعت حسین کا دستخط شدہ مسلم لیگ ق کا ٹکٹ بھی دیا یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ راجہ محمد اسلم نے اپنے ڈیرے پر مسلم لیگ ن کے قد آور پینا فلیکس بورڈ اتار کر مسلم لیگ ق کے قد آور پینا فلیکس بورڈز آویزاں کر دئیے یہاں یہ امر قابل ذکر ہے

حلقہ این اے 62 اور حلقہ پی پی 27 سرائے عالمگیر سمیت ضلع گجرات کے 9 قومی و صوبائی حلقوں سے مسلم لیگ ن نے امیدواروں کو نامزد کر دیا

سرائے عالمگیر (نامہ نگار) حلقہ این اے 62 اور حلقہ پی پی 27 سرائے عالمگیر سمیت ضلع گجرات کے 9 قومی و صوبائی حلقوں سے مسلم لیگ ن نے امیدواروں کو نامزد کر دیا ایک قومی اور دو صوبائی حلقے مسلم لیگ ق کے حوالے مسلم لیگ ن کے الیکشن بورڈ نے حلقہ این اے 62 سرائے عالمگیر سے چوہدری عابد رضا اور حلقہ پی پی 27 سرائے عالمگیر سے ملک محمد حنیف اعوان کو اپنا امیدوار نامزد کر دیا اسکے ساتھ ضلع کے باقی دو قومی اور 9 صوبائی حلقوں سے بھی اپنے امیدوار نامزد کر دئے جبکہ ضلع کے ایک قومی اور دو صوبائی اسمبلی کے حلقوں پر مسلم لیگ ق کے ساتھ سیٹ ایڈجسٹمنٹ کی وجہ سے ان تینوں حلقوں سے مسلم لیگ ق اپنے امیدوار سابق وزیر اعظم چوہدری شجاعت حسین کے دو صاحبزادوں چوہدری شافع حسین اور چوہدری سالک حسین کو انتخابی اکھاڑے میں اتارے گی

قصور اور اس کے گردونواح میں نامعلوم ڈاکو نہتے شہریوں سے لاکھوں روپے نقدی، موٹر سائیکل، موبائل فون، مال مویشی و دیگر سامان لوٹ کر جائے واردات سے فرار

ڈسٹرکٹ رپورٹر محمد انیس بھٹی (قصور اور اس کے گردونواح میں نامعلوم ڈاکو نہتے شہریوں سے لاکھوں روپے نقدی، موٹر سائیکل، موبائلفون، مال مویشی و دیگر سامان لوٹ کر جائے واردات سے فرار۔ تھانہ صدر قصور میں نامعلوم نے اطلاع دی ہے کہ گلبرگ کالونی نامعلوم ڈاکوں نے گن پوائنٹ پر میری بلانمبری موٹر سائیکل و دیگر سامان لوٹ لیا ہے۔ تھانہ اے ڈویژن قصور میں نامعلوم نے اطلاع دی ہے کہ گول چکر شہباز روڈ کے قریب نامعلوم لٹیروں نے اسلحہ کی نوک پر موٹر سائیکل چھین لی ہے۔ تھانہ سرائے مغل میں اشفاق احمد نے اطلاع دی ہے کہ پرانی چوکی کے قریب نامعلوم نے گن پوائنٹ پر 86 ہزار روپے نقدی و دیگر سامان لوٹ لیا ہے۔ تھانہ صدر پھولنگر میں سعید ذوالفقار نے اطلاع دی ہے کہ اڈا سرائے چھینہ کے قریب مسلح ڈاکوں نے اسلحہ کی نوک پر موٹر سائیکل، کیش رقم، موبائلفون و دیگر سامان لوٹ لیا ہے۔ تھانہ الہ آباد میں نعمان نے اطلاع دی ہے کہ مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر مجھ سے موٹر سائیکل نمبری LEW-9459 و دیگر سامان لوٹ کرلے گئے ہیں۔ تھانہ مصطفی آباد میں نامعلوم نے اطلاع دی ہے کہ میری حویلی مویشیاں سے نامعلوم دو بکریاں اور دو بکرے کل مالیت ساڑھے تین لاکھ روپے کی چوری کر کے لے گئے ہیں۔ مقامی پولیس الگ الگ مقدمات درج کرکے مصروف تفتیش ہے

سابق وزیر اعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کے معاون خصوصی و سابق ایم این اے چوہدری خرم منور منج کو شیخوپورہ کے حلقہ این اے 116 سے پاکستان تحریک انصاف نے ٹکٹ کنفرم کر دی

شیخوپورہ (نعمان بیگ سے) سابق وزیر اعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کے معاون خصوصی و سابق ایم این اے چوہدری خرم منور منج کو شیخوپورہ کے حلقہ این اے 116 سے پاکستان تحریک انصاف نے ٹکٹ کنفرم کر دی ہے۔ چوہدری خرم منور منج اب پی ٹی آئی کے پلیٹ فارم سے مذکورہ حلقہ سے الیکشن لڑیں گے۔ اس بات کا انکشاف موضع کالو کے پی ٹی آئی کے صدر و سابق کونسلر سردار قیصر عباس ڈوگر نے گزشتہ روز سید محسن شاہ سمیت دیگر پی ٹی آئی کارکنوں کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سردار قیصر عباس ڈوگر نے مزید بتایا کہ چند روز قبل نامعلوم وجوہات کی بنا پر پہلے انکے کاغذات نامزدگی پر اعتراضات لگا کر نا منظور کر دیئے گئے تھے۔ جبکہ بعد ازاں ریٹرننگ آفیسر نے انکے کاغذات نامزدگی کے اعتراضات ختم کر کے کاغذات نامزدگی منظور کر لیا اور اب پاکستان تحریک انصاف کے قائد عمران خان اور چیئرمین نے حلقہ این اے 116 سے انکی پی ٹی آئی ٹکٹ کنفرم کرکے حلقہ کی عوام کے دل جیت لیے ہیں۔ کیونکہ چوہدری خرم منور منج حلقہ کی عوام کی ہر دلعزیز شخصیت ہیں اور عوامی لیڈر ہیں۔ وہ حلقہ این اے 116 سے پی ٹی آئی کے مضبوط امیدوار ہیں اور پہلے بھی اسی حلقہ سے رکن قومی اسمبلی بھی منتخب ہو چکے ہیں جبکہ ان کے والد حاجی منور حسین منج مرحوم کا شمار بھی منجھے ہوئے سیاستدانوں میں ہوتا تھا جو دوبار رکن اسمبلی منتخب ہوئے جبکہ چوہدری خرم منور منج بھی اپنے والد کی سیاسی روایات کو قائم رکھتے ہوئے عوامی خدمت میں پیش پیش ہیں پی ٹی آئی کی طرف سے ان کو ٹکٹ ملنے پر پی ٹی آئی کے رہنماوں اور کارکنوں سمیت ان کے حامیوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے جنھوں نے ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالتے ہوئے خوشی میں مٹھائیاں بھی تقسیم کی ہیں۔

بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی سستی سکیم کے تحت ملک کے تمام یوٹیلٹی سٹور پر ناقص گھی فروخت ہونے لگا شہری پریشان

جھنگ (اجمل حسین بیورو چیف) حکومت کی جانب سے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت یوٹیلٹی سٹور پر غریبوں کو ملنے والے سستے راشن میں انتہائی ناقص اور مضر صحت گھی فروخت ہونے لگا تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت نے غریب مزدور طبقہ لوگوں کے لیے اربوں روپیہ کی منظوری کے بعد یہ سکیم متعارف کروائی تھی جس کے تحت ایسے غریب جو بے نظیر انکم سپورٹ سے امداد حاصل کر رہے ہیں وہ اپنا شناختی کارڈ دیکھا کر یوٹیلٹی سٹور سے 40 فیصد سستی اشیائے خورد ونوش کی خریداری کر سکتے ہیں ان اشیا خوردونوش میں ان کو سستا آٹا سستی چینی اور سستا گھی ملنا تھا مگر ان بدقسمت غریبوں کو ادھر بھی لوٹا جا رہا ہے اور من پسند، وطن، دستک وغیرہ جیسے مختلف فرضی ناموں پر غیر معیاری غیر رجسٹرڈ اور انتہائی ناقص اور مضر صحت گھی فروخت کیا جا رہا ہے جس کو مجبوراً استعمال کے بعد لوگ عارضہ قلب جیسی موذی مرض میں مبتلا ہو رہے ہیں اور یہ لوگ چونکہ پہلے ہی زندگی میں غربت سے جنگ بڑی مشکل سے لڑ رہے ہیں مگر بیچارے غریب لوگ اب ان ناقص حکومتی پالیسیوں کی وجہ سے بیمار ہو کر ہسپتالوں داخل ہو رہے ہیں عوامی حلقوں نے وزیر اعظم پاکستان اور ارباب اختیار سے ان عوام دشمن پالیسیوں کی سخت مخالفت کرتے ہوئے مطالبہ کیا جن بیچارے غریبوں لوگوں کے لیے یہ سکیم متعارف کروائی گئی ہے

ڈی . پی . او جھنگ ملک طارق محبوب کو لاہور تبدیل کر دیا گیا ان کی جگہ اب محمد راشد ہدایت نئے ڈی . پی . او جھنگ تعینات

جھنگ (اجمل حسین بیورو چیف) ڈی.پی.او جھنگ کو تبدیل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق ڈی.پی.او جھنگ ملک طارق محبوب کا تبادلہ لاہور) ایم اینڈ سی.اے (انویسٹی گیشن برانچ لاہور میں کر دیا گیا ہے جبکہ ان کی جگہ اب لاہور سے محمد راشد ہدایت کو جھنگ میں بطور ڈی . پی . او تعینات کر دیا گیا ہے یاد رہے کہ نئے تعینات ہونے والے ڈی . پی . او جھنگ محمد راشد ہدایت اس سے دو سال پہلے بھی جھنگ میں بطور ڈی . پی . او تعینات رہ چکے ہیں جو کہ انتہائی فرض شناس ایماندار اور انصاف پسند افسر ہونے کے ساتھ ساتھ بہترین پروفیشنل سپاہی ہیں اور جدید پولسنگ کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔

نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹرویز پولیس سوہاوہ کی موثر کروائی مسافر کی جان اور لاکھوں روپے بچا لیئے

جہلم (عتیق حسین خان) نیشنل ہائی ویز موٹر وے پولیس بیٹ 6 سوہاوہ کو 130 کی کال موصول ہوئی کہ مسہ کسوال کے نزدیک ٹویوٹا رش کار WU-786 میں سوار شخص نے اچانک خطرناک طریقے سے گاڑی روکی ہے معلوم ہوتا ہے کوئی سنگین مسئلہ ہوگیا ہے موٹروے پولیس کے افسران SI یاسر علی SI محمد فہد اور آپریشنل آفیسر IP اسد عباس فوری طور پر موقع پر پہنچے اور دیکھا کہ گاڑی میں موجود اکیلا ڈرائیور بے ہوش ہے مریض کو ریسکیو 1122 کے ذریعے ڈی ایچ کیو گوجر خان منتقل کیا گیا جہاں ڈاکٹروں نے برین ہیمرج کی تشخیص کرتے ہوئے مریض کو پمز ہسپتال اسلام آباد ریفر کر دیا افسران نے گاڑی کی تلاشی لی تو اس میں سولہ لاکھ چونسٹھ ہزار ایک سو روپے 16,64,100 اور جائیداد کے کاغذات پر مشتمل ایک بیگ برآمد ہوا موٹروے پولیس نے اہل خانہ سے رابطہ کیا اور ہسپتال پہنچنے پر صورتحال سے آگاہ کیا اور بتایا کہ مریض کی حالت اب بہتر ہے مزید تصدیق اور تمام قانونی تقاضوں کے بعد گاڑی رقم اور دستاویزات اہل خانہ کے حوالے کر دیے گئے ہیں نیشنل ہائی ویز موٹر وے پولیس کے افسران آپریشنل آفیسر انسپکٹر اسد عباس اور ٹائیگر ون کے آفیسران SI یاسر علی SI محمد فہد نے فوراً موقع پر پہنچ کر مسافر کی قیمتی جان اور قیمتی سامان بچانے پر ڈی ایس پی موٹرویز پولیس سوہاوہ چوہدری علی عابد رضوان نے افسران کی بھرپور ستائش کی اور سیمر کمان کو تعریفی اسناد اور نقد انعام کی سفارش کی ہے مزید یہ کہ متاثرہ شخص نثار احمد کے لواحقین نے موٹروے پولیس کی کاوشوں کو سراہا اور آفسران کا شکریہ ادا کیا ہے

ڈاکٹر مستنصر اقبال کمالیہ سے پاکستان تحریک انصاف نے قومی اور صوبائی اسمبلی کی نشستوں کیلئے ٹکٹوں کا اعلان کر دیا

ڈاکٹر مستنصر اقبال کمالیہ سے پاکستان تحریک انصاف نے قومی اور صوبائی اسمبلی کی نشستوں کیلئے ٹکٹوں کا اعلان کر دیا کمالیہ: حلقہ این اے 107 سے پاکستان تحریک انصاف کے ریاض فتیانہ کو ٹکٹ جاری کمالیہ: حلقہ پی پی 123 سے آشفہ ریاض فتیانہ کو ٹکٹ جاری جبکہ حلقہ پی پی 124 کے لیے ابھی تک فیصلہ نہ ہوسکا

اسسٹنٹ کمشنر غزالہ یاسین چدھڑ انسداد پولیو مہم کے دوران بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے اور ٹیموں کی مجموعی کارکردگی کے اقدامات کا جائزہ لے رہی ہیں

ڈاکٹر مستنصر اقبال کمالیہ سے ۔ اسسٹنٹ کمشنر غزالہ یاسین چدھڑ انسداد پولیو مہم کے دوران بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے اور ٹیموں کی مجموعی کارکردگی کے اقدامات کا جائزہ لے رہی ہیں اسسٹنٹ کمشنر غزالہ یاسین چدھڑ نے محکمہ صحت کے افسران اور پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کا ٹارگٹ ہر لحاظ سے مکمل کیا جائے

یو سی گوندل سے ان شا اللہ ن لیگی امیدواران کامیاب ہونگے، سابق چیئرمین یونین کونسل گوندل پاپا غلام رسول

ہیڈ مرالہ) نامہ نگار (سابق چیئرمین یونین کونسل گوندل پاپا غلام رسول نے کہا ہے کہ یو سی گوندل سے ان شا اللہ ن لیگی امیدواران کامیاب ہونگے، بھرپور انداز میں انتخابی مہم چلاتے ہوئے گھر گھر جائیں گے آٹھ فروری کا سورج امیدوار ایم این اے ارمغان سبحانی اور امیدوار ایم پی اے رانا عارف اقبال کی فتح کی نوید کے ساتھ طلوع ہوگا ان خیالات کا اظہار سابق چیئرمین یونین کونسل گوندل پاپا غلام رسول نے اپنی رہائشگاہ پر ن لیگی امیدواران کی انتخابی مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے گفتگو کے دوران کیا اجلاس میں شاہد محمود چوہدری، چوہدری غفور حسین، ملک محمد بشیر، ڈاکٹر محمد ریاض، ملک محمد جمیل، شیخ محمد اعظم، شیخ محمد ایوب، حاجی غلام نبی، محمد اکرم نمبردار، رانا محمد اشفاق، مہر عنایت علی، صوفی محمد اکرم، مہر شریف، ریاض چوہان، مظہر حسین، رہنما ن لیگ و تاجر حاجی محمد شمس سمیت گڑھی گوندل سے دیگر شخصیات نے شرکت کی بعد ازاں پاپا غلام رسول اور شاہد محمود چوہدری کی زیر صدارت مسلم لیگ ن یوتھ ونگ کے جوانوں سے بھی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں عہدیداران اور کارکنان کو دونوں رہنماؤں کی جانب سے لیگی امیدواران کی انتخابی مہم چلانے سے متعلق رہنمائی کی گئی۔

نئے تعینات ہونیوالے اسسٹنٹ ڈائریکٹر امیگریشن اینڈ پاسپورٹ محمد شریف نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا

قصور) بیورو چیف شفاقت علی چوہدری (نئے تعینات ہونیوالے اسسٹنٹ ڈائریکٹر امیگریشن اینڈ پاسپورٹ قصور محمد شریف نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر باقاعدہ کام کا آغاز کر دیا ہے۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد شریف کا شمار امیگریشن اینڈ پاسپورٹ کے ایماندار اور محنتی افسران میں ہوتا ہے۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر امیگریشن اینڈ پاسپورٹ محمد شریف اس سے قبل لاہور، گوجرانوالہ سمیت دیگر اضلاع میں اپنے فرائض سرانجام دے چکے ہیں۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد شریف کا کہنا ہے کہ وہ ڈائریکٹر جنرل امیگریشن اینڈ پاسپورٹ کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں پاسپورٹ کے حصول کیلئے آنیوالے شہریوں کی خدمات اور سہولیات کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائینگے۔ شہریوں کو بروقت پاسپورٹ کی ترسیل کو یقینی بنایا جائیگا اور تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائیگا۔ انہوں نے تمام عملے کو ہدایت کی کہ وہ اپنا کام ایمانداری اور دلجمعی کیساتھ سرانجام دیں اور پاسپورٹ کے حصول کیلئے آنیوالے شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات باہم پہنچائی جائیں اور اس حوالے سے کسی بھی قسم کی سستی اور کوتاہی کو برداشت نہیں کیا جائیگا

سی آئی اے جیکب آباد پولیس کے اہلکاروں کی جانب سے گاڑیوں سے بھتہ ارشوت لینے والا معاملہ

سی آئی اے جیکب آباد پولیس کے اہلکاروں کی جانب سے گاڑیوں سے بھتہ ارشوت لینے والا معاملہ۔ ڈی آئی جی پی لاڑکانہ جناب ناصر آفتاب صاحب کا سخت نوٹس۔ ملوث اہلکاروں کے خلاف ایس ایس پی جیکب آباد کو کاروائی کرنے کے احکامات جاری۔ جناب ڈی آئی جی پی صاحب لاڑکانہ کے جاری کردہ احکامات پر ایس ایس پی جیکب آباد نے تینوں پولیس اہلکاروں کو معطل کرکے کوارٹر گارڈ بند کرنے اور شوکاز نوٹس بھی دینے کے احکامات جاری کردیے۔ معطل / کوارٹر گارڈ ہونے والے اہلکاروں میں محمد نواز پنہور محمد رحیم جکھرانی اور خیر بخش لوہر شامل ہیں۔

چیئرمین جھنگ ڈویژن بناؤ تحریک جعفر غفار قریشی، سینئر وائس چیئرمین حاجی سرور جاوید، مرکزی صدر رائے انصر صدیقی نے میٹنگ میں باقاعدہ فیصلہ کیا

احمد پور سیال) تحصیل رپورٹر (چیئرمین جھنگ ڈویژن بناؤ تحریک جعفر غفار قریشی، سینئر وائس چیئرمین حاجی سرور جاوید، مرکزی صدر رائے انصر صدیقی نے میٹنگ میں باقاعدہ فیصلہ کیا کہ 2024 کے الیکشن میں ہم صرف اس امیدوار کو سپورٹ کریں گے جو جھنگ ڈویژن کے قیام کے لیے ہمیں مطمئن کرے گا، اور کامیابی کے بعد اسمبلی میں جا کر جھنگ ڈویژن کے قیام کے لیے بھرپور جدوجہد کرے گا، گفتگو کرتے ہوئے جعفر غفار قریشی کا کہنا تھا کہ جھنگ بہت پرانا ضلع ہے جسکو ضلع تک ہی محدود کر دیا گیا اب مزید یہ برداشت نہیں کریں گے، مرکزی صدر رائے انصر صدیقی کا کہنا تھا ہم اس الیکشن میں جھنگ ڈویژن کے معاہدے پر ووٹ دیں گے سپورٹ کریں گے، مؤذن کا کام ہے اذان دینا ہم دے رہے ہیں اور دیتے رہیں گے وہ وقت آئے گا جب جھنگ ڈویژن کے روپ میں نظر آئے گا، سینئر وائس چیئرمین حاجی سرور جاوید کا کہنا تھا کہ ہم جھنگ کی عوام سے درخواست کرتے ہیں کہ اس الیکشن میں امیدواروں سے جھنگ ڈویژن کا مطالبہ کریں، جھنگ ڈویژن بناؤ تحریک ضلع بھر میں جھنگ ڈویژن کے مطالبے پر ووٹ دے گی

پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ غریب عوام کی آواز بنی ہمیشہ چھوٹے طبقے کی بات کی، مہر عابد حسین دوانہ

احمد پور سیال (تحصیل رپورٹر) امیدوار برائے صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 130 مہر عابد حسین دوانہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ غریب عوام کی آواز بنی ہمیشہ چھوٹے طبقے کی بات کی۔ ملازم طبقہ کیلئے بہترین پیکیج کا اعلان کیا پیپلز پارٹی اقتدار میں آ کر اگلی حکومت انشااللہ پاکستان پیپلز پارٹی بنائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تاندلیانوالہ میں بلاول بھٹو زرداری کے جلسہ میں عوام کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر اس بات کا گواہی دے رہا تھا کہ اگلے وزیر اعظم بلاول بھٹو زرداری ہوں گے۔ بلاول بھٹو زرداری کے خطاب کو بے حد سراہا جا رہا ہے کیونکہ انہوں نے پسے ہوئے اور مظلوم طبقہ کی بات کی۔ عوامی محرومیوں اور مایوسیوں کے خاتمہ کے لیے اپنا مستقبل کا دس نکاتی ایجنڈا پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ شریک چیئرمین آصف علی زرداری چیئرمین بلاول بھٹو کی قیادت میں بھرپور کردار ادا کرتے ہوئے الیکشن لڑوں گا۔ انہوں نے کہا علاقے میں ترقیاتی کام ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب بوریوالہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جو سلطان بی بی کہ وفات پا گئی ہے جس کا رقبہ 251 ای بی میں واقع ہے جس کے ورثاان میں والدین پہلے فوت شد . محمد فرحان پسر . آمنہ بی بی دختر . زندہ و حیات ہیں اس کے علاوہ کوئی جائز ورثاء نہ ہے اگر کسی کو اعتراض ہو تو اندر سات یوم عدالت سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب عکرمہ صاحب سول جج شکرگڑھ

شکیلہ بی بی بنام عوام الناس دعوی درخواست برائے گارڈین شکیلہ بی بی بیوہ محمد انور ذات جٹ ساکن سہاری تحصیل شکرگڑھ ضلع نارووال آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 16.1.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب بوریوالہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جو سلطان بی بی کہ وفات پا گی ہے جس کا رقبہ 251 ای بی میں واقع ہے جس کے ورثاان میں والدین اور محمد اکرم خاوند پہلے فوت شد . محمد فرحان پسر . آمنہ بی بی دختر . زندہ و حیات ہیں اس کے علاوہ کوئی جائز ورثاء نہ ہے اگر کسی کو اعتراض ہو تو اندر سات یوم عدالت سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

:بعدالت جناب عکرمہ صاحب سول جج شکرگڑھ

شکیلہ بی بی بنام عوام الناس دعوی درخواست برائے جانشینی سرٹیفکیٹ شکیلہ بی بی بیوہ محمد انور ذات جٹ ساکن سہاری تحصیل شکرگڑھ ضلع نارووال آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 16.1.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

اشتہار برائے تبدیلی نام

میں نے اپنے بیٹے کا نام غلام غوث ولد علی بٹ سے تبدیل کر کے محمد قاسم ولد علی بٹ رکھ لیا ہے۔ آئندہ اسے نئے نام محمد قاسم سے لکھا پڑھا اور پکارا جائے۔ اور نادرا ریکارڈ میں میرے بیٹے کا نام غلام غوث سے تبدیل کر کے محمد قاسم درج کیا جائے۔ المشتہر: آمنہ علی بٹ زوجہ علی بٹ ساکن گلی لالیاں والی محلہ رائے والہ، ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

بعدالت جناب فریحہ یونس صاحبہ سول جج پاکپتن

عنوان مقدمہ: اللہ معافی وغیرہ، بنام: سیف اللہ ولد محمد اکرم قوم بلوچ سکنہ چک نمبر 93/D تحصیل و ضلع پاکپتن، دعوی: خرچہ نان ونفقہ، سامان جہیز۔ ہرگاہ مقدمہ میں مدعا علیہ / مدعا علیہم کی تعمیل آسان ذرائع سے ممکن نہیں ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ 15-12-2024 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت پیروی وجواب دہی مقدمہ عنوان بالا کریں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب مدثر مقصود صاحب سول جج درجہ اول / فیملی جج پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان ۔ تہمینہ اکبر بنام محمد عرفان ۔ دعوی تنسیخ نکاح بر بنائے خلع ۔ اخبار اشتہار بنام ۔ محمد عرفان ولد احمد دین قوم جوئیہ ساکن چک نمبر 385 ج ب تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 11/01/2024 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب نوید انجم چوہدری صاحب سول جج / جج فیملی کورٹ پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

دعوی تنسیخ نکاح بر بنائے خلع ۔ عنوان ۔ انعم بی بی بنام عبدالوحید ۔ اخبار اشتہار بنام ۔ عبدالوحید ولد عبد الحمید قوم جٹ ساکن چک نمبر 350 گ ب گٹ والہ تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ دعوی ہذا میں بتقرر 11/01/2024 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان: کے جانے وراثتی انتقال شجرہ نسب چک نمبر 680 گ ب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ انتقال وراثت متوفی رحمت اللہ ولد مراد چک نمبر 680 گ ب تحصیل پیرمحل برائے تصدیق پیش ہوا ہے جس میں متوفی کے وارثان میں محمد مراد والد متوفی، نھوں بی بی والدہ متوفی) پہلے فوت شدگان (، محمد اشرف پسر متوفی بعد میں فوت شد، محمد اکرم پسر متوفی، نسیم اختر دختر متوفی زندہ وارث ظاہر کیے گئے ہیں ان کے علاوہ کوئی وارث ہو تو اندر میعاد 3 یوم عدالت ہذا سے رجوع کرے بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب نوید انجم چوہدری صاحب سول جج / جج فیملی کورٹ پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔ دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات کے دوران انہوں نے مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر خارجہ نے کروشیا کے ساتھ تعلقات کو مضبوط بنانے کی پاکستان کی خواہش کا اظہار کیا اور کراچی میں کروشیا کے اعزازی قونصلیٹ کے افتتاح کو سراہا۔

بقیہ بقیہ جات 25

2 ڈگری سینٹی گریڈ سے بھی نیچے آسکتا ہے اور آئندہ ہفتے کے دوران بارش کا بھی کوئی امکان نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 26

خصوصی کریڈٹ گارنٹی کی سہولت ہوگی۔ یہ بات نگراں وزیر خزانہ ڈاکٹر شمشاد اختر نے کاروانداز کے ساتھ تعاون سے شروع کی جانے والی پاکستان کی پہلی خصوصی کریڈٹ گارنٹی کمپنی برائے ایس ایم ایز کے تعارف کے موقع پر کہی

بقیہ بقیہ جات 27

خلیفہ سراج الدین نے مولانا فضل الرحمان کے دورہ افغانستان کو خوش آئند قرار دیا اور افغانستان کی داخلی صورتحال پر گفتگو کی

بقیہ بقیہ جات 28

نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی پر اس وقت مافیا کا قبضہ ہے

بقیہ بقیہ جات 29

جس کے تعاقب میں گرین شرٹس 180 پر ڈھیر ہوگئی، پاکستان کی جانب سے بابر اعظم 57 رنز کے ساتھ سب سے کامیاب بلے باز رہے

بعدالت جناب عنبر گل خاں صاحبہ سول جج درجہ اول اوکاڑہ

دعویٰ۔ حکم امتناعی دوامی۔ عنوان مقدمہ۔ فتح شیر وغیرہ بنام مختیاراں بی بی وغیرہ اشتہار اخبار بنام۔ مختیاراں بی بی زوجہ اختر، محمد اختر ولد اللہ رکھا اقوام وربھو موچی ساکنان بی بی پور چوک داخلی موضع بی بی پور تحصیل وضلع اوکاڑہ، ناصر عباس ولد محمد اکرم قوم کھرل ساکن دلباغ رائے تحصیل و ضلع اوکاڑہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مقرر 15-01-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالت حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ AS

4۔ عدالت جناب کنور محمد ایان صاحب نائب تحصیلدار سرکل آفیسر ریونیو قانگوئی موضع روشن بھیلہ قصور

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حال متوفیہ رحمانی بیوہ محمد سلطان (لاولد فوت شد) واقع موضع گلگ تحصیل و ضلع قصور برائے تصدیق وارثان درج رجسٹر کروایا ہے اور حسب ذیل وارثان تحریر کروائے ہیں والدہ امری بی بی، والد مہتاب، خاوند محمد سلطان تینوں (پہلے فوت شد)، جبکہ دیگر کیے از وارث دینو پسر مہتاب برادر حقیقی متوفیہ (زندہ) ہیں ان کے علاوہ اور کوئی وارث ہو یا عوام الناس یا کسی ادارے کو عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر عدالت زیر دستخطی میں اصالتاً یا وکالتاً دائر کر سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

6۔ بعدالت جناب عبدالمجید شاہد صاحب تحصیلدار/ ACI قصور

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد علی ولد بشیر احمد ذات گجر ساکن موضع کھڈیاں تحصیل و ضلع قصور نے بابت درستگی نام ولدیت درخواست گذاری ہے کہ کھاتہ نمبر 1209 میں جبکہ انتقال نمبر 8500 تعدادی 14 مرلے رقبہ واقع موضع کھڈیاں پر اسکے والد کا نام سہواً غلطی سے نذیر احمد ولد غلام محمد درج ہو گیا ہے۔ جبکہ اسکا درست نام بشیر احمد ولد غلام محمد ذات گجر ساکن موضع کھڈیاں تحصیل و ضلع قصور ہے۔ لہٰذا نام درستگی کی استدعا کی گئی ہے۔ لہٰذا اسپر عوام الناس یا کسی دیگر وارث یا ادارے کو عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر۔ اندر عدالت زیر دستخطی میں اصالتاً یا وکالتاً دائر کر سکتا ہے۔ بعد ازیں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ نام کی درستگی کا فیصلہ صادر کر دیا جائیگا۔

بعدالت جناب محترم محمد اطہر افضل صاحب سول جج درجہ اول چونیاں ضلع قصور۔

دعویٰ استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ۔ محمد افضال ولد محمد اشفاق بنام چیف ایگزیکٹو لیسکو وغیرہ اشتہار بنام چیف ایگزیکٹو لیسکو واپڈا 22/A کوئنز روڈ لاہور، ڈپٹی منیجر اپریشن (ایکسین) لیسکو واپڈا ڈویژن چونیاں، آر۔ او۔ واپڈا لیسکو واپڈا چونیاں، اسسٹنٹ منیجر (SDO) واپڈا لیسکو سب ڈویژن چھانگا مانگا تحصیل چونیاں ضلع قصور (مدعاعلیہم) ہرگاہ مدعاعلیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر ساعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 13-01-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب فائزہ اشفاق صاحبہ سول جج درجہ اول ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان خالدہ پروین وغیرہ بنام صوبہ پنجاب وغیرہ دعویٰ استقرار حق اخبار اشتہار بنام: علی احمد ولد عطا محمد قوم آرائیں ساکن چک نمبر 328 گ ب تحصیل پیرمحل، محمد وسیم احمد، محمد رحیم احمد، محمد کلیم احمد، اقوام آرائیں چک نمبر 328 گ ب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ ہرگاہ مدعاعلیہ کی تعمیل بذریعہ سمن نوٹس آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ ہذا میں بتقرر 11-01-2024 صبح 8:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں مابعد کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب سیدہ بانو بخاری صاحبہ سول جج فیملی کورٹ وہاڑی

نوعیت: دعویٰ تنسیخ نکاح وغیرہ عزیز بی بی بنام محمد شہزاد بنام محمد شہزاد ولد عابد حسین قوم مہار سکنہ چک نمبر 156/WB تحصیل میلسی ضلع وہاڑی ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونے مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 13-01-2024 کو بوقت 9 بجے اصالتاً یا واکلتاً حاضر عدالت ہو ورنہ یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اور عذر قابل قبول / سماعت نہ ہوگا۔ مہر عدالت دستخط

بقیہ بقیہ جات 30

قومی اور صوبائی نشستوں کے لیے امیدواروں کا اعلان کردیا۔ تفصیلات کے مطابق پی ٹی آئی نے چترال میں امیدواروں کو ٹکٹ جاری کردیے، این اے ون کے لیے چترال سے عبداللطیف کو امیدوار چن لیا۔ پی کے ون کے لیے جنرل سیٹ پر خاتون رہنما ثریا بی بی امیدوار ہوں گی، پی کے 2 کے لیے مہتر چترال فتح علی ناصر کو اپنا امیدوار نامزد کر دیا ہے۔ این اے 149 سے سابق رکن قومی اسمبلی عامر ڈوگر جبکہ حلقہ پی پی 215 سے معین ریاض قریشی پی ٹی آئی کے امیدوار ہوں گے۔ اس کے علاوہ پشاور سے شاندانہ گلزار، ساجد نواز اور ارباب عامر قومی اسمبلی جبکہ محمود جان، تیمور جھگڑا سمیت دیگر صوبائی نشستوں پر پی ٹی آئی کے امیدوار ہوں گے۔ ارباب شیر علی اور آصف خان بھی پشاور سے قومی اسمبلی کی نشست کیلئے پی ٹی آئی کی ٹکٹ سے میدان میں اتریں گے۔ پشاور کی نشستوں پر محمود جان، تیمور جھگڑا، کامران بنگش اور ارباب جہانداد صوبائی اسمبلی کیلئے پی ٹی آئی کے امیدوار ہوں گے۔ فضل الٰہی، حامد الحق، عاصم خان، مینا خان اور علی زمان بھی پی ٹی آئی کے ٹکٹ پر صوبائی نشستوں کیلئے میدان میں اتریں گے۔ پی ٹی آئی کی جانب سے ملک شہاب، سمیع اللہ، شیر علی آفریدی، نورین عارف کو بھی صوبائی نشستوں کے ٹکٹ مل گئے تاہم شیر افضل مروت کو ٹکٹ نہیں دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 31

لیے ڈیجیٹل رسیدیں لازمی قرار دینے کا فیصلہ کرلیا۔ ایف بی آر نے اس سلسلہ میں نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے جس کا اطلاق یکم فروری 2024 سے ہوگا۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ ڈیجیٹل انوائس کا اطلاق فاسٹ موونگ کنزیومرز گڈز کی فروخت پر ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 32

فائز عیسیٰ کی سربراہی میں ہوا۔ سپریم جوڈیشل کونسل نے مظاہر نقوی اور ان کے وکیل خواجہ حارث کو نوٹس جاری کر رکھا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 33

جبکہ 8 کی قیمتوں میں کمی ہوئی اور 22 اشیائے ضروریہ کی قیمتیں مستحکم رہی ہیں۔ اعداد و شمار میں بتایا گیا ہے کہ حالیہ ایک ہفتے کے دوران ٹماٹر، چکن، انڈے، پیاز، ماچس اور دالوں سمیت کئی اشیاء □ مہنگی ہوئیں، جن میں ٹماٹر کی قیمت میں 15.63 فیصد، چکن کی قیمت میں 6.42 فیصد، انڈوں کی قیمت میں 4.31 فیصد، دال ماش کی قیمت میں 0.83، دال چنا کی قیمت میں 2.11 فیصد، پیاز کی قیمت میں 8.94 فیصد، ایل پی جی کی قیمت میں 2.29 فیصد اور ماچس کی قیمت

عاق نامہ

میں اپنے حقیقی بیٹے نعیم احمد ولد محمد بوٹا کو بوجہ نافرمانی اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آج کے بعد میں اس کے کسی قول و فعل کا ذمہ دار نہیں ہوں گا اس سے لین دین کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا

المشتہر: محمد بوٹا ولد مہر الدین قوم رحمانی ساکن گلی نمبر 2 محلہ رسول نگر تحصیل و ضلع شیخوپورہ

بعدالت جناب محترمہ نسیم اختر ناز صاحبہ جج فیملی کورٹ چونیاں ضلع قصور۔

دعویٰ تنسیخ نکاح عنوان مقدمہ۔ شاہدہ پروین بنام منظور احمد اشتہار بنام منظور احمد ولد عبدالستار ساکن C/o عبدالغفور نزد مسجد جامع Back Side جنرل ہسپتال لاہور (مدعاعلیہ) ہرگاہ مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر ساعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 13-01-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان: کئے جانے وراثتی انتقال شجرہ نسب چک نمبر 680 گ ب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ انتقال وراثت متوفیہ رحمت بی بی دختر غلام محمد زوجہ رحمت اللہ چک نمبر 680 گ ب تحصیل پیرمحل برائے تصدیق پیش ہوا ہے جس میں متوفیہ کے وارثان میں غلام محمد والد متوفیہ، امیراں بی بی والدہ متوفیہ) پہلے فوت شدگان (، رحمت اللہ شوہر متوفیہ بعد میں فوت شد، محمد اشرف پسر متوفیہ بعد میں فوت شد، محمد اکرم پسر متوفیہ، نسیم اختر دختر متوفیہ زندہ وارث ظاہر کیے گئے ہیں ان کے علاوہ کوئی وارث ہو تو اندر میعاد 3 یوم عدالت ہذا سے رجوع کرے بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب سول جج درجہ اول پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔ عنوان۔ ریحانہ پروین وغیرہ بنام ریاست علی۔ دعویٰ دلاپانے خرچہ نان و نفقہ وغیرہ۔ اخبار اشتہار بنام۔ ریاست علی ولد محرم قوم ہندوانہ سیال ساکن چک نمبر 414 گ ب تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہٰذا آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 11/01/24 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب سول جج درجہ اول پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔ عنوان۔ راشدہ پروین وغیرہ بنام شاہد اسلم۔ دعویٰ تنسیخ نکاح وغیرہ اخبار اشتہار بنام۔ شاہد اسلم ولد محمد اسلم قوم گجر ساکن چک نمبر 758 گ ب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہٰذا آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 12/01/24 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب میڈم شازیہ چیمہ صاحبہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج گجرات

عنوان: ماریہ سلیم وغیرہ بنام تصور ریاست اشتہار بنام: تصور ریاست ولد ریاست علی سکنہ بیگووالا تحصیل و ضلع سیالکوٹ مقدمہ: اپیل فیملی (دلاپانے سامان جہیز) ہرگاہ اپیل عنوان بالا میں رسپانڈنٹس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہٰذا رسپانڈنٹس کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 13/01/2024 بوقت 9:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا ہے

نئے سال کے دوسرے ہفتے میں مہنگائی کی شرح تیز، 21 اشیا کی قیمتیں بڑھ گئیں

ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں 1.36 فیصد اضافہ ہوا جبکہ سالانہ بنیاد پر مہنگائی کی شرح بھی 44.2 فیصد کی ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی ہے

ایک ہفتے کے دوران 21 اشیا کی قیمتوں میں اضافہ جبکہ 8 کی قیمتوں میں کمی ہوئی اور 22 اشیائے ضروریہ کی قیمتیں مستحکم رہی ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نئے سال 2024 کے دوسرے ہفتے کے دوران ملک میں مہنگائی کی شرح میں اضافے کی رفتار تیز ہوگئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق نئے سال کے دوسرے ہفتے کے دوران ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں 1.36 فیصد اضافہ ہوا جبکہ سالانہ بنیاد پر مہنگائی کی شرح بھی 44.2 فیصد کی ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی ہے۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے مہنگائی کی ہفتہ وار رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ایک ہفتے کے دوران 21 اشیا کی قیمتوں میں اضافہ (بقیہ نمبر 33)

لاہور: وزیر اوقاف و مذہبی امور بیرسٹر سید ظفر علی ناصر بادشاہی مسجد میں خطبہ جمعہ دے رہے ہیں

تحریک لبیک پاکستان نے

ملتان سے امیدواروں کا اعلان کردیا

ملتان (این این آئی) تحریک لبیک پاکستان (ٹی ایل پی) نے 8 فروری کو ہونے والے عام انتخابات کے لیے ضلع ملتان میں قومی اور صوبائی نشستوں کے لیے امیدواروں کو پارٹی ٹکٹ جاری کردیئے۔ تفصیلات کے مطابق این 148 سے ملک اظہر احمد سندیلہ، این اے 149 سے چوہدری زاہد حمید گجر، این اے 150 سے محمد حسین بابر ایڈووکیٹ، این اے 151 سے ملک بابر ڈوگر کو ٹکٹ جاری کیے گئے۔ اس کے علاوہ این اے 152 سے پیر سید عطا اللہ شاہ بخاری، این اے 153 (بقیہ نمبر 44)

وزیر اوقاف و مذہبی امور سید اظفر

علی ناصر کا بادشاہی مسجد میں خطبہ جمعہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر ہاؤسنگ، اوقاف و مذہبی امور، زکوٰۃ و عشر سید اظفر علی ناصر نے بادشاہی مسجد میں خطبہ جمعہ دیا جس میں انہوں نے اتحاد بین المسلمین و بین المذاہب ہم آہنگی پر زور دیا۔ انکا کہنا تھا کہ پاکستان میں بین المسالک و بین المذاہب ہم آہنگی وقت کی اہم ترین ضرورت ہے اور علماء کرام منبر و محراب کے ذریعے اتحاد بین المسلمین، احترام انسانیت، پیغام پاکستان کے فروغ کے لئے اپنا کردار ادا کریں۔ ہم پاکستان کی سلامتی و تحفظ کے لئے پوری قوم کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنا (بقیہ نمبر 43)

ایس ایم تنویر کی زیر صدارت پی ایس ڈی

اے کے بورڈ اجلاس میں 169 ملین

روپے کے بجٹ کی منظوری دی

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت ایس ایم تنویر کی زیر صدارت پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے آفس میں پی ایس ڈی اے بورڈ کا چھٹا اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں 5 نکاتی ایجنڈے پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں 98.086 ملین روپے کے ریوائزڈ بجٹ برائے سال 2022-23 کی منظوری دی گئی۔ بورڈ نے 169 ملین روپے (بقیہ نمبر 42)

پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی میں اے ایس پیز کی 2 روزہ تربیت مکمل

پولیس افسران کو ڈیجیٹل فورانزک ایویڈنس کی قانونی اہمیت اور تفتیش کے عمل بارے تربیت دی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی میں نیشنل پولیس اکیڈمی کے زیر تربیت اے ایس پیز کی 2 روزہ تربیت مکمل ہوگئی۔ 50 ویں کامن کے 30 اے ایس پیز کو سیف سٹی میں جدید پولیسنگ بارے تربیت دی گئی۔ پولیس افسران کو ڈیجیٹل فورانزک ایویڈنس کی قانونی اہمیت اور تفتیش کے عمل بارے تربیت دی گئی۔ افسران کو ایل ٹی ای ایڈوانس ہینڈ سیٹس اور جیوگرافک انفارمیشن (بقیہ نمبر 34)

گیس چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

مزید 409 گیس کنکشنز منقطع، 10 ملین سے زائد کے جرمانے

لاہور (این این آئی) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 409 گیس کنکشنز منقطع جبکہ 10 ملین سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 68 گھریلو کنکشنز جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 15 کنکشنز منقطع کیے، گیس چوروں (بقیہ نمبر 35)

مختلف سیکٹر کی ترقیاتی سکیموں کیلئے 15 ارب روپے سے زائد فنڈز کی منظوری

چیئرمین پی اینڈ ڈی بورڈ افتخار علی سہو کی زیر صدارت ورکنگ پارٹی اجلاس میں فنڈز کی منظوری دی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال 2023-24 کے صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے 41 ویں اجلاس میں مختلف سیکٹرز کی 5 ترقیاتی سکیموں کے لیے مجموعی طور پر 15 ارب 30 کروڑ 50 لاکھ روپے کے فنڈز کی منظوری دی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین پی اینڈ ڈی افتخار علی سہو نے کی۔ صوبائی ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں ترقیاتی بورڈ کی جانب سے جن (بقیہ نمبر 36)

PUNJAB SERVING FOOD PUNJAB AUTHORITY & BEYOND
PUNJAB FOOD AUTHORITY SERVING PUNJAB

لاہور: ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید فوڈ اتھارٹی افسران کو ٹریننگ مکمل کرنے پر سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

آئی ایم ایف کا پاکستان کی معیشت میں بتدریج بہتری کا اعتراف

رواں مالی سال 2023-24ء میں پاکستان کی جی ڈی پی کی شرح دو فیصد متوقع ہے، مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں پاکستان کی مالیاتی پوزیشن مضبوط ہوئی

مناسب سخت مانیٹری پالیسی کے ساتھ افراط زر کم ہو کر 18.5 فیصد تک آسکتا ہے، جون 2024ء کے آخر تک سود 18.5 فیصد تک گر سکتا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئی ایم ایف نے کہا ہے کہ رواں مالی سال 2023-24ء میں پاکستان کی جی ڈی پی کی شرح دو فیصد متوقع ہے، رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں پاکستان کی مالیاتی پوزیشن مضبوط ہوئی، جی ڈی پی کے 0.4 فیصد کا بنیادی سرپلس ریکارڈ کیا گیا، ٹیکس وصولیوں کی گروتھ کی وجہ سے شرح نمو بہتر رہی تاہم ملک میں مہنگائی اب بھی بدستور بلند ہے۔ اپنے جائزہ بیان میں آئی ایم ایف نے کہا ہے کہ مناسب سخت مانیٹری پالیسی کے (بقیہ نمبر 41)

جسٹس اعجاز الاحسن کے استعفے

کی منظوری سے ججز کمیٹی کی تشکیل تبدیل

اسلام آباد (این این آئی) جسٹس اعجاز الاحسن کے استعفے کی منظوری سے ججز کمیٹی کی تشکیل تبدیل ہو گئی۔ 3 رکنی ججز کمیٹی میں جسٹس منصور علی شاہ شامل ہو گئے اور سپریم جوڈیشل کونسل کا بھی حصہ بن گئے۔ جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کی تشکیل بھی جسٹس اعجاز الاحسن کے استعفے سے تبدیل ہوئی ہے۔ جوڈیشل کمیشن میں چیف جسٹس اور سپریم کورٹ کے 4 سینئر ججز شامل ہوتے ہیں۔ جسٹس یحییٰ آفریدی اب سپریم جوڈیشل کونسل کے رکن بن گئے۔

شوٹر کشمالہ طلعت نے پیرس

اولمپکس کیلئے کوالیفائی کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی خاتون شوٹر کشمالہ طلعت نے پیرس اولمپکس کیلئے بھی کوالیفائی کرلیا۔ ایشین سلور میڈلسٹ رائفل شوٹر کشمالہ طلعت نے بتایا کہ ایشین رائفل چیمپئن شپ میں اولمپک کوٹہ اور سلور میڈل حاصل کرنے کی خوشی ہے۔ کشمالہ طلعت کے مطابق پاکستان کیلئے اتنی بڑی کامیابی حاصل کرنا میرے لیے اعزاز ہے، اللہ کا شکر ہے کہ مجھے یہ مقام ملا۔ میں اپنے کوچز، ٹیم کے ساتھیوں اور اہلخانہ کا ساتھ دینے پر خوش ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنے ادارے کی بھی بہت شکر (بقیہ نمبر 40)

سعودی عرب کا کینیڈا کے ساتھ

تجارتی وفود کے دوبارہ تبادلے پر اتفاق

ریاض (این این آئی) سعودی عرب اور کینیڈا کے درمیان گذشتہ سال مکمل سفارتی تعلقات بحال ہونے کے بعد دونوں ممالک نے ایک دوسرے کے ساتھ تجارتی وفود کے تبادلے پر اتفاق کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق فیڈریشن آف سعودی چیمبرز آف کامرس نے سعودی۔ کینیڈین بزنس کونسل بنانے کے لیے کینیڈین فریق کے ساتھ ایک مشترکہ ایک معاہدے پر دستخط کیے۔

لاہور: ایک شخص ریڑھی پر گڑ اور شکر فروخت کر رہا ہے

عراقی مسلح گروپوں کا شام میں کو امریکی اڈے پر حملہ

کونیکو فیلڈ میں امریکی اڈے کو میزائل سے نشانہ بنایا گیا، شامی آبزرویٹری

ریاض (این این آئی) عراقی مسلح دھڑوں نے شام میں کونیکو فیلڈ پر میزائل حملے کا دعویٰ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایران کے وفادار اور نام نہاد عراق میں اسلامی مزاحمت کے تحت آنے والے ان دھڑوں نے ایک بیان میں وضاحت کی کہ انہوں نے مشرقی شام کے دیرالزور دیہی علاقوں میں کونیکو فیلڈ میں امریکی اڈے کو میزائل سے نشانہ بنایا تاہم انہوں نے نشاندہی (بقیہ نمبر 37)

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا آزاد کشمیر فوڈ اتھارٹی کیلئے ٹریننگ کا انعقاد

کشمیر فوڈ اتھارٹی کے 6 آفسران پر مشتمل وفد کی 15 روزہ عملی ٹریننگ کروائی گئی

لاہور (این این آئی) ملاوٹ مافیا کے دن گنے گئے، صحت مند پاکستان کی تکمیل کی عملی کوشش اور صحت دشمن عناصر کے خاتمے کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی نے کشمیر فوڈ اتھارٹی کے لیے ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا۔ کشمیر فوڈ اتھارٹی کے 6 آفسران پر مشتمل وفد کی 15 روزہ عملی ٹریننگ کروائی گئی، آفیسرز کی پنجاب فوڈ اتھارٹی قوانین کی عملداری، فیلڈ آپریشن اور چیکنگ طریقہ کار کے حوالے سے ٹریننگ کی گئی، فوڈ لیبز (بقیہ نمبر 38)

تائیوان، ووٹرز انتخابی مہم میں ملنے والا ڈٹرجنٹ کھا کر اسپتال پہنچ گئے

صدارتی امیدوار نے دوسرے مرحلے میں کوئی چیز تقسیم نہ کرنے کا اعلان کردیا

تائے پے (این این آئی) تائیوان میں صدارتی الیکشن کی مہم کے دوران 3 ووٹرز نے غلطی سے ڈٹرجنٹ کھا لیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق تائیوان کے صدارتی انتخابات کی مہم کے دوران ایک امیدوار نے اپنی تصویر والے پیکٹ میں ڈٹرجنٹ ووٹرز میں تقسیم کیا جس پر یہ بھی درج تھا کہ یہ 18 پاؤنڈز تک کپڑے دھو سکتا ہے۔ خاتون سمیت تین ووٹرز نے غلطی سے ڈٹرجنٹ کھا لیا جنہیں اسپتال منتقل (بقیہ نمبر 39)

لاہور: وزیر ہاؤسنگ پنجاب بیرسٹر سید اظفر علی ناصر کمشنر لاہور کے ہمراہ شاہدرہ فلائی اوور اور بند روڈ کنٹرولڈ ایکسس کوریڈور منصوبے کا دورہ کر رہے ہیں

راوی ٹاؤن میں شاہدرہ روڈ پر ایل ڈبلیو ایم سی کی خصوصی واشنگ ایکٹیویٹی

8 مکینکل سویپرز اور 30 سے زائد سینٹری ورکرز نے خصوصی واشنگ ایکٹیویٹی میں حصہ لیا

لاہور (سٹاف رپورٹر سے) لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی جانب سے راوی ٹاؤن میں ڈسٹ فری لاہور کے تحت خصوصی واشنگ ایکٹیویٹی کی گئی۔ 8 مکینکل واشرز، 8 مکینکل سویپرز اور 30 سے زائد سینٹری ورکرز نے خصوصی واشنگ ایکٹیویٹی میں حصہ لیا۔ سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی بابر صاحب دین کا کہنا ہے کہ ایل ڈبلیو ایم سی آپریشن ٹیموں نے سموگ سے بچانے کے لیے شاہدرہ روڈ اور اس سے ملحقہ سڑکوں پر نائٹ شفٹ میں واشنگ، سویپنگ اور مینوئل سکریپنگ کی۔ ایل ڈبلیو ایم سی اربن یونین کونسلز کے ساتھ ساتھ دیہی یونین کونسلز میں بھی صفائی انتظامات کو یقینی بنا رہی ہیں۔ ایل ڈبلیو ایم سی روزانہ شہر بھر سے 5000 ٹن سے زائد ویسٹ اٹھا رہی ہے۔ ترجمان ایل ڈبلیو ایم سی عمر چوہدری کے مطابق آپریشن ٹیموں نے بند روڈ، شاہدرہ چوک اور اس کے اطراف روڈز پر خصوصی واشنگ ایکٹیویٹی کی۔ چوک بیگم کوٹ، وڈانالہ بازار، کچہری روڈ پر مکینکل سویپنگ جبکہ ملحقہ علاقوں میں مینوئل سکریپنگ بھی کی گئی۔ مقبرہ جہانگیر، فورٹ روڈ، ڈرین روڈ، بادامی باغ، لاری اڈا، قلعہ لچھمن سنگھ اور راوی ٹاؤن کے دیگر علاقوں میں بھی معمول کے مطابق صفائی آپریشن کیا جا رہا ہے۔ شہر کی خوبصورتی کو برقرار رکھنے کے لیے رات کی شفٹ کے ساتھ ساتھ دن کی شفٹ میں بھی مکینیکل سویپنگ اور واشنگ روزانہ کی بنیادوں پر کی جا رہی ہے۔ مزید برآں شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر صفائی گینگز تینوں شفٹوں میں تعینات ہیں۔ لاہور میں سموگ کے مضر اثرات کو کم کرنے کے لیے اینٹی سموگ سکواڈ ہائی ایئر کوالٹی انڈیکس علاقوں میں سکریپنگ اور واشنگ کے عمل کو یقینی بنا رہے ہیں۔ سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی بابر صاحب دین نے شہریوں سے بھی گزارش کی ہے کہ ایل ڈبلیو ایم سی کا ساتھ دیں، ملبہ پھیلانے اور کوڑے کو جلانے سے پرہیز کریں۔ اپنے اردگرد کوڑا جلانے والوں اور روڈ سائیڈ پر ملبہ ڈمپ کرنے والوں کی اطلاع ہماری ہیلپ لائن 1139 پر دیں یا سوشل میڈیا کا استعمال کریں۔

لاہور: امیدوار ایم این اے NA121 [illegible]

جہلم پولیس کا منشیات فروش ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن

جاری، منشیات فروش ملزم سمیت شراب سپلائر ملزم گرفتار

(عتیق حسین) جہلم پولیس کا منشیات فروش ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، منشیات فروش ملزم سمیت شراب سپلائر ملزم گرفتار جلالپور شریف پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے منشیات فروش ملزم محمد حسیب کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 01 کلو 340 گرام چرس برآمد جبکہ صدر پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے شراب سپلائر ملزم ابرار شہزاد کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 10 لیٹر شراب برآمد، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج، منشیات فروش معاشرے کا ناسور ہیں جن کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ

متوبھائیکے روڈ پر نزدجی مارکی 3 گاڑیوں میں تصادم ایک

نوجوان جانبحق ایک زخمی

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر نوشہرہ ورکاں) متوبھائیکے روڈ پر نزدجی مارکی 3 گاڑیوں میں تصادم ایک نوجوان جانبحق ایک زخمی تین گاڑیوں میں تصادم بائیک سوار 31 سالہ خادم حسین ولد ابراہیم محلہ رڑ والہ کا رہائشی موقع پر ہی جان کی بازی ہار گیا جبکہ رکشہ ڈرائیور 26 سالہ ابوبکر ولد اصغر شدید زخمی گیا متوبھائیکے روڈ پر نزدجی مارکی 3 گاڑیوں میں تصادم ہوا پہلے بائیک اور کار میں تصادم ہوا اسکے بعد تیز رفتار رکشا بھی آ ٹکرایا جسکی وجہ سے بائیک سوار محلہ راڑ ووالہ کا رہائشی 31 سالہ خادم حسین ولد ابراہیم موقع پر ہی جاں کی بازی ہار گیا جبکہ رکشا ڈرائیور کو بھی سر پہ چوٹ آئی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 نوشہرہ ورکاں کی بروقت آمد خادم حسین کی زندگی بچانے کے تمام اقدامات کیئے مگر

زخموں کی شدت کی وجہ سے خادم زندگی کی بازی ہار چکا تھا جبکہ رکشا ڈرائیور متوبھائیکے کے رہائشی 26 سالہ ابوبکر ولد اصغر کو موقع پہ فرسٹ ایڈ فراہم کر دی ریسکیو 1122 نے نعش کو تحصیل ہیڈکوارٹر اسپتال نوشہرہ ورکاں منتقل کردیا

پنجاب سپورٹس بورڈ لاہور کے زیر اہتمام ونٹر انٹر ڈویژن ہاکی چیمپئن

شپ آئندہ چند یوم میں لاہور نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلی جائے گی

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) پنجاب سپورٹس بورڈ لاہور کے زیر اہتمام ونٹر انٹر ڈویژن ہاکی چیمپئن شپ آئندہ چند یوم میں لاہور نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلی جائے گی جس میں ایک سلیکشن کمیٹی بنائی گئی ہے جو کہ اچھے کھلاڑیوں کی درجہ بندی کر کے ٹورنامنٹ کے اختتام پر لسٹ پنجاب سپورٹس بورڈ کو دے گی جس کے مطابق پہلے دوسرے اور تیسرے درجے کے اچھے کھلاڑیوں کو تیس ہزار سے لیکر ستر ہزار روپے تک وظیفہ دیا جائے جو کہ قومی کھیل ہاکی کی ریووال کے لیے پنجاب سپورٹس بورڈ کا ایک اچھا اقدام ہے جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے اور اس میں عمر کی کوئی حد مقرر نہیں ہے اور دوسرا ڈیپارٹمنٹل اور انٹرنیشنل کھلاڑی جو مختلف محکموں میں سیلری لے رہے ہیں ان کو بھی اس میں حصہ لینے کی اجازت ہے جو کہ میرے خیال میں ینگ بلڈ اچھے کھلاڑیوں کے ساتھ سراسر زیادتی ہے جو کہ ڈیپارٹمنٹل اور انٹرنیشنل کھلاڑیوں کی ان ٹیموں میں شامل ہو جانے کی وجہ سے ان کھلاڑیوں کے ساتھ ہونے جا رہی ہے جو کہ ڈیپارٹمنٹل اور انٹرنیشنل کھلاڑیوں کی وجہ سے حصہ نہی لے سکیں گے کیونکہ ہر ڈویژن کی یہ خواہش ہے کہ ڈیپارٹمنٹل اور پرانے بڑی عمر کے نیشنل اور انٹرنیشنل کھلاڑیوں کو کھیلا کر ایونٹ جیتا جائے۔ اس اتنے بڑے اور اچھے ایونٹ کا مقصد ٹیلنٹ تلاش کرنا مقصود ہے جو کہ جونیئر ینگ بلڈ کھلاڑیوں میں ہی ممکن ہے جنہوں نے آگے جا کر پاکستان ہاکی ٹیم کا حصہ بننا ہے کچھ ڈویژن میں ٹرائل ہو چکے ہیں اور کچھ میں آج ہو رہے ہیں اور یہ بھی سننے میں آ رہا ہے کہ ٹورنامنٹ شاں دسخت سردی کی وجہ سے چند یوم آگے چلا جائے۔ میری ڈی جی سپورٹس پنجاب سپورٹس بورڈ لاہور محترم جناب آصف طفیل صاحب صوبائی سپورٹس منسٹر وہاب ریاض صاحب اور پنجاب کی تمام ڈویژن کے ڈویژنل سپورٹس آفیسر صاحبان سے گزارش ہے کہ وہ اپنی اپنی ڈویژن میں اچھے ینگ بلڈ کھلاڑیوں کو اپنی ٹیموں میں شامل کریں جیت اور ہار کو ایک سائیڈ پر رکھ کر تا کہ ان بچوں کی مالی معاونت ہو سکے کیونکہ ہاکی غریب لوگوں کا کھیل ہے اگر موجودہ فارمیٹ کے مطابق اکثر ڈیپارٹمنٹل اور انٹرنیشنل کھلاڑی ہر ڈویژن کی ٹیم میں ہونگے تو نہ ان کو وظیفہ ملے گا کیونکہ وہ عارضی وظیفہ لینے کے چکر اپنی سرکاری نوکری کبھی بھی نہیں چھوڑیں گے اور اس سے ہر ڈویژن کے اچھے جونیئر انڈر 23 کھلاڑی وظیفہ کی دوڑ سے باہر ہو جاں یں گے امید ہے پنجاب سپورٹس بورڈ صوبائی نگران گورنمنٹ کے سپورٹس منسٹر اور ڈویژنل سپورٹس آفیسر صاحبان اس پر ضرور غور و فکر کریں گے

اوکاڑہ: ایس ایچ او مہر اسماعیل کی مجرمانہ سربراہی میں

تاوان گینگ متحرک شہریوں میں شدید خوف و ہراس

لاہور (سٹاف رپورٹر) اوکاڑہ: ایس ایچ او مہر اسماعیل کی مجرمانہ سربراہی میں تاوان گینگ متحرک شہریوں میں شدید خوف و ہراس۔ اعلیٰ پولیس افسران ہمارے محافظ ہیں مہر اسماعیل ایس ایچ او کا انکشاف۔ مذکورہ گینگ معززین اور صاحب حیثیت شخصیات کے خلاف جعلی مقدمے درج کر کے اشتہاری کر کے خطیر رقوم تاوان طلب کرتا ہے۔ مقدمہ نمبر 1378/20 بجرم 25 ڈی 384/ تھانہ صدر اوکاڑہ افتخار جنجوعہ ایس ڈی ایف او جنگلات کی مدعیت میں معروف کاروباری شخصیت اور بزرگ صحافی ملک محمد اسلم اعوان کے خلاف اور تھانہ حجرہ شاہ مقیم ماریہ بی بی اور ملک محمد اسلم اعوان کے خلاف 938/20 بجرم 25 ڈی گوہر مشتاق ڈی ایف او کی مدعیت میں درج ہوئے۔ ہر دو مقدمات کی بنیاد کالز اور ریکارڈنگ کال ریکارڈ کی رو سے جعلی ثابت ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق ماریہ بی بی نے اپنی بابا فرید کنسٹرکشن کمپنی سے مالیاتی فراڈ اور بلین ٹری سونامی پروگرام میں سرکاری رقوم میں کروڑوں کی خرد برد کرنے پر ایس ڈی ایف او افتخار جنجوعہ اور ڈی ایف او گوہر مشتاق کے خلاف رٹ پٹیشن نمبری 42335 of 2020 ہائیکورٹ دائر کی جس پر فاضل جج صاحبان سردار احمد نعیم اور جسٹس فاروق حیدر نے ڈی جی نیب لاہور کو ملزمان کے خلاف تحقیقات کا حکم مورخہ 15.09.2020 جاری کیا جو کہ اخبارات میں خبریں شائع ہونے پر سخت مشتعل ہو کر ہائی کورٹ احکامات کو کاؤنٹر اور شو تاثر کرنے کیلئے نیب تحقیقات کی پیروی سے روکنے کیلئے ٹریپنگ مقدمات درج کروائے۔ افتخار جنجوعہ ایس ڈی ایف او جنگلات اوکاڑہ نے تھانہ صدر اوکاڑہ 1378/20 بجرم 25 ڈی 384/ جعلی مقدمات ایس ایچ او مہر اسماعیل سے ساز باز ہو کر درج کروایا۔ اسی طرح گوہر مشتاق ڈی ایف او نے جعلی مقدمہ 938/20 بجرم 25 ڈی ماریہ بی بی و دیگران کے خلاف درج کروا کر شدید ہراساں و بلیک میل کیا۔ صوبائی محتسب پنجاب میجر (ریٹائرڈ) اعظم سلیمان نے مقدمہ نمبر 1378/20 تھانہ صدر اوکاڑہ ملکہ زبیدہ اسلم اعوان کی درخواست پر تحقیقات کے بعد فیصلہ صادر فرمایا کہ مقدمہ میں بیان کی گئی کال ثابت نہیں ہوئی۔ اس طرح ریکارڈنگ بھی الیکٹرانک ڈیجیٹل ڈیوائس سے خود تخلیقی ثابت ہوگئی جو کہ ان کالز اور ریکارڈنگز کے تخلیق کاروں نے سائبر کرائم پیکا ایکٹ کے جرم الیکٹرانک فراڈ، الیکٹرانک فوجری کی دفعات 13/14 وغیرہ کے سنگین جرم کا ارتکاب کیا ہے۔ جو کہ مدعیہ نے ایف آئی اے سائبر کرائم اور نیشنل سائبر کرائم انوسٹی گیشن اتھارٹی میں جعلی مقدمات کے مدعیان کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت اندراج مقدمہ کی درخواست گزاری ہے۔

کراچی: آئی جی سندھ رفعت مختار راجہ سندھ پولیس ہسپتال گارڈن کراچی کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

محکمہ جنگلی حیات کی گلیات میں کاروائی،

نایاب جانوروں کی کھالیں برآمد، ملزم گرفتار

پشاور (این این آئی) محکمہ جنگلی حیات خیبر پختونخوا نے مری کے علاقے گلیات میں کارروائی کرتے ہوئے دکان سے مختلف نایاب جانوروں کی کھالیں برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ محکمہ وائلڈ لائف خیبر پختونخوا کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ضبط کی گئی اشیا میں بھوری لومڑی کی کھال کی 23 پٹیاں، کالی لومڑی کی کھال کی پٹی اور ایک سفید فاکس فری پٹی بھی شامل ہیں۔ ترجمان محکمہ جنگلی کے مطابق نایاب بلیوں کی دو کھالیں، مختلف جانوروں کی کھال سے بنی 5 ٹوپیاں بھی برآمد کی گئی ہیں۔ ترجمان وائلڈ لائف نے بتایا کہ کارروائی کے دوران مختلف جانوروں کی کھال سے تیار لیڈیز ہینڈ (بقیہ نمبر 57)

بلاول بھٹو کی اعتزاز احسن سے ملاقات،

انکی خواہر نسبتی کے انتقال پر اظہار تعزیت

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری لنک بیدیاں روڈ پر واقع پی پی پی رہنما اعتزاز احسن کی رہائش گاہ پہنچے اور ان سے انکی خواہر نسبتی نگہت چیمہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے اعتزاز احسن کی اہلیہ بشریٰ اعتزاز سے ان کی ہمشیرہ نگہت چیمہ کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا اور نگہت چیمہ کے بلندی درجات کے لئے فاتحہ خوانی اور لواحقین کے صبر جمیل کی دعا کی۔

باجوڑ میں گاڑی پر بم دھماکا،

قبائلی رہنما سمیت 2 افراد زخمی

باجوڑ (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع باجوڑ کی تحصیل اتمانخیل علیزئی ڈاگ میں گاڑی پر بم دھماکا ہوا ہے جس کے نتیجے میں ایک قبائلی رہنما سمیت 2 افراد زخمی ہوگئے۔ خیبر پختونخوا پولیس نے بتایا کہ دھماکا قبائلی رہنما میاں حضرت گل نامی شخص پر ہوا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ زخمیوں کو علاج کے لیے خار ہسپتال منتقل کیا گیا ہے جب کہ ڈاکٹر کا کہنا ہے کہ زخمیوں کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز ہی خیبر پختونخوا کے (بقیہ نمبر 56)

برطانیہ، امریکا کی یمن پر بمباری، اقوام متحدہ کا اجلاس طلب

روس نے حملوں کی مذمت کرتے ہوئے اقوام متحدہ کا ہنگامی اجلاس طلب کیا

نیویارک (این این آئی) امریکا اور برطانیہ کی یمن پر بمباری کیبعد روس نے نے اقوام متحدہ کا ہنگامی اجلاس طلب کر لیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی اور برطانوی بمباری سے یمن کا دارالحکومت صنعا دھماکوں سے گونج اٹھا۔ یمنی حوثیوں نے جوابی کارروائی میں میزائل فائر کیے۔ حملوں کے بعد (بقیہ نمبر 58)

بلاول بھٹو تحریک منہاج القرآن کے تاحیات ممبر بن گئے

بینظیر بھٹو شہید بھی تحریک منہاج القرآن کی تاحیات رکن تھیں، ترجمان

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری تحریک منہاج القرآن کے ممبر بن گئے۔ بلاول بھٹو زرداری نے منہاج القرآن سیکریٹریٹ میں ممبر شپ فارم پر دستخط کئے۔ ترجمان منہاج القرآن نور اللہ صدیقی نے کہا کہ بلاول بھٹو کو منہاج القرآن کا تاحیات ممبر بنایا (بقیہ نمبر 59)

لاہور: شہری سردی کی شدت سے بچنے کے لئے گرم مفرل خرید رہا ہے

مسلم لیگ (ن) کا طلال چوہدری کو سینیٹ کا ٹکٹ دینے کا فیصلہ

پارٹی قائد نے فیصلہ کیا ہے کہ ملک نواز کو میئر فیصل آباد بنایا جائے گا، ذرائع

لاہور (سپیشل رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائدہ نے مشکل وقت میں ساتھ دینے پر پارٹی رہنما طلال چوہدری کو سینٹ کا ٹکٹ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے ذرائع کے مطابق پارٹی قیادت کے فیصلے سے طلال چوہدری کو رانا ثنا اللہ نے آگاہ کیا اور انہیں سینیٹ کا ٹکٹ دینے کی خوش خبری سنائی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پارٹی قائد نے فیصلہ کیا ہے کہ ملک نواز کو میئر فیصل آباد بنایا جائے گا۔ رانا ثنا اللہ نے طلال چوہدری سے گفتگو میں کہا کہ عوام دشمن حکومت سے نجات دلانے میں آپ کا بڑا حصہ اور قربانی ہے اور پارٹی آپ کی قربانیوں و محبت کی قدر کرتی ہے، جسے جماعت کبھی فراموش نہیں کرسکتی۔ ذرائع کے مطابق رانا ثنا اللہ نے طلال چوہدری سے کہا کہ قومی اسمبلی کا ٹکٹ نہ دینے کا مطلب آپ کو نظرانداز کرنا نہیں بلکہ آپ کو سینیٹر بنانا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان (بقیہ نمبر 60)

لاہور: پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری پارٹی رہنما اعتزاز احسن سے ان کی خواہر نسبتی کے انتقال پر تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

فضل الرحمن اور ایمل ولی کو نشانہ بنانیوالے 2 خودکش بمبار گرفتار

گرفتار دہشتگرد جے یو آئی (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن اور اے این پی کے صوبائی صدر ایمل ولی خان کو نشانہ بنائے ہوئے تھے

گرفتار دہشت گرد داعش خراسان کے رکن ہیں اور انہوں نے پکتیا افغانستان مرکز سے خودکش حملے کی تربیت حاصل کی

پشاور (بیورو چیف) مولانا فضل الرحمن اور ایمل ولی کو خودکش حملے کا ہدف بنانے والے 2 دہشت گردوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے ایک بڑی کارروائی کرتے ہوئے افغانستان سے تربیت حاصل کرنے والے عالمی دہشت گرد تنظیم داعش کے 2 خودکش بمباروں کو پشاور سے گرفتار کر لیا۔ ایس ایس پی سی ٹی ڈی کے مطابق گرفتار دہشت گرد جے یو آئی (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن اور اے این پی کے (بقیہ نمبر 61)

لندن میں پاکستانی تاجر

خالد محمود کو قتل کردیا گیا

لندن (این این آئی) 45 سالہ پاکستانی بزنس مین خالد محمود کو لندن میں قتل کر دیا گیا۔ میٹرو پولیٹن پولیس کو لاش 9 جنوری کو پارکنگ میں گاڑی سے ملی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے نے بتایا کہ میٹ پولیس کے مطابق پولیس نے قتل کے شبہے میں ایک شخص کو گرفتار کرلیا۔ گرفتاری لندن سے 100 میل دور ہمپشائر کے علاقے میں کی گئی۔ مقتول کا تعلق سرگودھا سے تھا اور وہ لندن میں موبائل کے کاروبار سے منسلک تھے۔ چیف سپرنٹنڈنٹ سائمن کرک کا (بقیہ نمبر 55)

(ن) لیگ نے پی پی 193

پاکپتن سے فاروق مانیکا کو ٹکٹ دے دیا

پاکپتن (این این آئی) بشریٰ بی بی کے داماد حیات مانیکا مسلم لیگ ن کا ٹکٹ حاصل کرنے میں ناکام ہوگئے، مسلم لیگ ن نے پی پی 193 پاکپتن سے فاروق مانیکا کو پارٹی ٹکٹ جاری کر دیا۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ (ن) نے پی پی 193 پاکپتن سے فاروق مانیکا کو ٹکٹ دے دیا، جبکہ عطا مانیکا اور ان کے بیٹے حیات مانیکا پی پی 193 سے ٹکٹ نہ لے سکے۔ حیات مانیکا 2018 میں اس حلقے سے ن لیگ کے امیدوار تھے، میاں حیات مانیکا بشریٰ بی بی کے داماد بھی ہیں۔ ذرائع کے مطابق عطا مانیکا نے 4 روز پہلے شہباز شریف سے ملاقات بھی کی تھی۔

قلعہ گجر سنگھ اور فیکٹری ایریا

سے دو لاشیں برآمد

لاہور (این این آئی) قلعہ گجر سنگھ اور فیکٹری ایریا سے دو لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ ترجمان ایدھی فاؤنڈیشن کے مطابق قلعہ گجر سنگھ کے علاقہ گڑھی شاہو چوک کے قریب سے 30 سالہ نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ فیکٹری ایریا، ایل ڈی اے کوارٹر والٹن کے قریب سے 35 سالہ شخص کی لاش برآمد ہوئی۔ متوفی کی شناخت صدیق احمد کے نام سے ہوئی۔ جاں بحق ہونے والے دونوں افراد بظاہر نشے کے عادی معلوم ہوتے ہیں۔ پولیس کی ضروری کاروائی کے بعد لاشیں ایدھی (بقیہ نمبر 54)

چیف ایڈیٹر: مسرت راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے
مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر
108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226

عالمی دباؤ، اسرائیل غزہ میں ایمبولینس پر حملے سے مکر گیا

تمام تحقیقات کرلیں، بیان کردہ علاقے میں کوئی حملہ نہیں کیا گیا، بیان

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے اس بات کی تردید کی ہے کہ اس نے ایک روز قبل وسطی غزہ کی پٹی میں ایک ایمبولینس پر بمباری کی تھی جس میں چار طبی عملے اور دو دیگر افراد ہلاک ہوئے تھے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق فوج نے ایک بیان میں کہا کہ آئی ڈی ایف (اسرائیلی فوج) کو فراہم کردہ تفصیلات کی بنیاد پر ایک جائزہ لیا گیا جس سے پتہ چلتا ہے کہ بیان کردہ علاقے میں کوئی حملہ نہیں کیا گیا۔

لاہور: ایک شخص موٹر سائیکل پر بچوں کو سکول چھوڑنے کے لئے جا رہا ہے

اسرائیلی حملہ، لبنان میں حزب اللہ کے دو ارکان جاں بحق

اسرائیل نے حنین قصبے میں ہنگامی مرکز پر حملہ کیا، محکمہ شہری دفاع

بیروت (این این آئی) مسلح گروپ حزب اللہ سے وابستہ ریسکیو فورس نے کہا ہے کہ جنوبی لبنان میں ایک شہری دفاع کے مرکز پر اسرائیلی حملے میں دو امدادی کارکن جاں بحق اور ایک ایمبولینس تباہ ہوگئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسلامک ہیلتھ اتھارٹی کے شہری دفاع کے آپریشنز روم نے کہا کہ حنین قصبے میں ایک ہنگامی مرکز پر براہ راست اسرائیلی بمباری میں یونٹ کے دو مرد ارکان جاں بحق ہوگئے۔

نیتن یاہو کا جنوبی افریقہ پر منافقت اور جھوٹ کا الزام

جنوبی افریقہ کا الزام صرف اس وقت ممکن ہے جب دنیا الٹ جائے، گفتگو

تل ابیب (این ای آئی) اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کی اعلیٰ عدالت میں منافقت اور جھوٹ پیش کیا گیا ہے، جنوبی افریقہ کا اسرائیل پر غزہ میں نسل کشی کا الزام صرف اس وقت ممکن ہے جب دنیا الٹ جائے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق نیتن یاہو نے کہا کہ ہم دہشت گردوں سے لڑ رہے ہیں، جھوٹ سے لڑ رہے ہیں۔ آج ہم نے ایک الٹاتی ہوئی دنیا دیکھی۔ اسرائیل پر نسل کشی کا الزام ہے۔

Republic of Korea
AMBULANCES & FLOOD EQ
2 Ambulances with Equipment
15 Inflatable Hypalon Boats
10 Air 4 person capac
15 Boat Trolleys
AMBULANCES & FLOOD EQUIPMENT

لاہور: کوریا کے سفیر پارک کیجون سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر کو ایمرجنسی سروسز کے لئے دی جانے والی 2 ایمبولینسز کی چابی دے رہے ہیں